بہ سلسلہ درجہ کامل و ایف۔ اے کورس

تخمیناً کئی ہزار الفاظ و محاورات جدیدہ کا گنجینہ

یعنی

شرح عذب البیان

از

علامہ شادمان

پروفیسر

بہ اہتمام خواجہ صدیق حسین

سنہ ۱۹۲۶ء میں

مطبع آگرہ اخبار آگرہ میں طبع ہوئی

عذب البیان کو میں نے ۱۹۲۴ء عیسوی میں "درجہ کامل" کے نصاب میں داخل کرایا تھا۔ اُسوقت میں نے عالی جناب مولوی ضیاء الحسن صاحب صبا علوی۔ ایم۔ اے۔ رجسٹرار انسپکٹر مدارس سے یہ وعدہ کیا تھا کہ مَیں اس کتاب کی فرہنگ و شرح بھی لکھ دوں گا۔

۱۹۲۵ء کے آخری مہینوں میں یکایک معلوم ہوا کہ۔ امتحان اسی سال سے شروع ہوگا۔ اور مجھے جلد سے جلد "عذب البیان" طبع کرا دینا چاہیئے۔

وقت کی تنگی کی وجہ سے کثیر مصارف برداشت کرتے ہوئے، میں نے فوراً اس کو طبع کرا کر شائع کر دیا۔ مگر اس وقت میں اس کی شرح نہ لکھ سکا۔

ختم امتحان کے بعد شرح شروع کی۔ اور کوئی (۷۰) صفحے تک پہنچا تھا۔ کہ بعض طلاب نے "خاقانی" کی شرح کا تقاضہ کرتے ہوئے یہ کہا کہ "چونکہ وہ طیار رہے اور پہلی تصنیف ہے، اس لئے اس کے طبع ہونے کا سلسلہ شروع ہونا چاہیئے"۔

مَیں اُس کو کاپی لکھنے کے لئے دینے ہی کو تھا کہ۔ اتنے میں میرے ایک قابل شاگرد پر، ایک حادثہ آگیا، جو لکھنؤ میں تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے مقیم تھے۔

میں اُن کے بچانے کے لئے دوڑا۔ کہ "میں خود گرفتار مصیبت

ہو گیا۔"

واقعہ یہ ہوا کہ ایک عیار نے سبز باغ دکھاتے ہوئے، طالب علم مذکور کا کچھ مال ہضم کر لیا۔ میں اُس کے اُگلوانے کے لئے لکھنؤ پہونچا۔

اُگلوانا تو درکنار! وہ ایک رقم میری بھی کھا گیا؟

جرأت تو دیکھئے گول دروازے، ایسے مقام سے، جہاں کھوے سے کھوا شانہ سے شانہ چھل رہا تھا، ٹھیک بارہ بجے میرا ایک سو پچھتر (۱۷۵) روپیہ ایک پولیس پنشنر کے ہاتھ سے چھین کر لے بھاگا۔ لوگ کھڑے دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔ اور وہ یہ جا، وہ جا، نظروں سے غائب ہو گیا۔

میں نے یہ سن کر کہا "کیا خوب! آئے تھے رونے کے لئے، گلے پڑی نماز؟"

اس حرکت کے بعد اُس نے معززز فاضل پر نہایت تیزی سے دعویٰ کر دیا۔ اور اعانت میں میرا نام بھی، یہ سمجھتے ہوئے، شامل کر دیا۔ کہ یہ مقدمہ کی پیروی نہ کر سکیں!۔

تم کہو گے کہ "اس مقدمہ بازی، اور شرح خاقانی سے کیا مناسبت ہے! یہ ذکر کیوں چھیڑا گیا؟"

میں نے اسی مناسبت ہی کے لئے اس قصہ کو بیان کیا۔ اور وہ یہ کہ حسان العجم خاقانی پر ایک الزام لگاتے ہوئے، اوس کو قید خانے میں بھجوا دیا گیا تھا۔

اس دعوے سے میرا فوراً ماتھا ٹھنکا تھا، اور میں نے اپنے دوستوں سے کہا تھا۔ کہ "ضرورت ہے کہ خاقانی کا شارح بھی قید خانہ جائے!"

مگر ایسا نہ ہوا، وہ چالاک اپنے کیفر کردار کو پہنچا۔

مقدمہ سے نجات ملنے کے بعد میں نے شرح خاقانی کا پی لکھنے، اور طبع ہونے کے لئے دے دی۔

یہاں تک کہ ۵۵ (۱۴) جزو تک چھپی۔ اور اس کے تین جزو کا نمونہ بعض طالب علموں، اور پروفیسروں کے ہاتھوں میں بھی پہنچ گیا۔

اس اثنا میں میرے پاس صدہا خطوط آئے، کہ "عذب البیان" تو "عذاب جان" ہو گئی۔ اس کے الفاظ کسی لغات میں نہیں ملتے۔ کسی طرح حل نہیں ہوتی۔ خاقانی کی شرح چھوڑئیے، اس کو شروع کیجئے۔ کہ اتنے میں میرے گھر سے عذب البیان کی شرح کا کچھ مسودہ، اور اصل کتاب کہ جو پہلی کی چھپی ہوئی تھی، کوئی صاحب اٹھالے گئے۔

اس سبب سے اور بھی لازم ہوگیا۔ کہ میں خاقانی کی شرح کو روک کر اس کام کو شروع کردوں، کیونکہ اندیشہ پیدا ہوگیا تھا، کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ۔ اس مسودے کا لے جانے والا، کچھ اضافہ کرکے اوس کو چھپوا دے۔

اس بنا پر یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ع سے اس شرح کو دوبارہ لکھنا شروع کر دیا تو مگر قدم قدم پر ٹھوکریں تھیں اور وہ لغات کہ جن کی فہرست میں پیش کرتا ہوں کام نہ دیتے تھے۔

(۱) فرہنگ مولف عذب البیان ــــ	صرف حرف (ش) تک۔ لام سے لے کر (ی) تک نہ چھپی تھی
(۲) پسا چین ــــ	مولفہ عالی جناب مولوی فرخی صاحب اُستاد اعلیٰحضرت دام اقبالہم و ملکہم۔
(۳) حل لغات حاجی بابا ــــ	عالی جناب مولوی اولاد حسین صاحب "شادان" بلگرامی۔ پروفیسر اورینٹل کالج لاہور۔
(۴) فرہنگ مرد خسیس ــــ	عالی جناب قاضی فضل حق صاحب۔ ایم۔ اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور۔

(۵) چراغ شادمانی ———	مولوی محمد جعفر صاحب سلمہ ایچ۔ پی ہیڈ مولوی (میرے شاگرد ہیں)
(۶) نقش بدیع ———	مولوی وجاہت حسین صاحب سلمہ عندلیب (میرے شاگرد ہیں)
(۷) فارسی بول چال ———	جناب مولوی عبیداللہ صاحب بسمل
(۸) فرہنگ فارسی جدید ———	جناب راجہ جلیسور راؤ صاحب اصغر
(۹) اصطلاح دارستہ۔ ———	مشہور ہے
(۱۰) بہار عجم۔ ———	″
(۱۱) اسٹنگاس۔ ———	″
(۱۲) چراغ ہدایت ———	″
(۱۳) سراج اللغات ———	خان آرزو
(۱۴) میرے ذاتی معلومات	

سب سے زیادہ مدد مجھے مولف عذب البیان کی فرہنگ نے دی، لیکن کاف کی ردیف تک۔

بہر حال میں نے حل لغات کے علاوہ تمام مشکل فقروں، جملوں، بلکہ جہاں تک مجھے مشکل نظر آیا ہے، وہاں تک کا ترجمہ کر دیا ہے۔

میرے خیال میں کامل کے طلاب کو اب عذب البیان کے پڑھنے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اور میری یہ شرح اُن کی پوری پوری راہنمائی کرے گی۔

ساتھ ہی اس کے میں اس امر کا ظاہر کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ باوجود سخت کیج کاوی اور تلاش کے مجھ سے بعض لغات کہ جن کی تعداد

بہت ہی کم ہے، حل کرنے سے رہ گئے ہیں۔ اور بعض فقروں کی (جن کو کاتب نے بالکل مسخ کر دیا ہے) تصحیح کرنے سے عاجز رہا ہوں، مثال کے طور پر چند لفظیں، اور جملے لکھے دیتا ہوں۔

صفحہ (۹۷) کی آخری سطر ملاحظہ فرمایئے :-

" و جانب مرزا بہ کنایہ تیغ زدہ گفت، مخدوم و مکرم مجنب کہ گنجی، بلے پشت پردہ شکار می افگنی"

میرے نزدیک "مجنب کہ گنجی" میں کاتب نے کچھ تصرف کر دیا ہے، میں نے ہر چند کوشش کی، مگر تصحیح نہ ہو سکی۔

صفحہ (۱۷۵) کے شروع میں یہ فقرہ غلط ہو گیا ہے

" لاکن دریچہ بازی البتہ عشق مردم راہ محبت دا مرد پرستی زنان است"

اسی طرح چند لفظیں ہیں۔ مثلاً مہرمات۔ باشماچی۔ وغیرہ۔

ممکن تھا کہ ان جملوں کو میں کچھ رد و بدل کر کے بامعنی کر دیتا۔ لیکن وہ درحقیقت میری عبارت ہوتی۔ مصنف کے الفاظ نہ ہوتے۔ اس سبب سے میں نے ان کو اسی حیثیت سے رہنے دیا ہے۔

رامپور کے سرکاری کتب خانہ میں ایک نسخہ قلمی لکھا ہوا ہے۔ مجھے اس کا موقع حاصل ہو گا۔ کہ میں اس سے تصحیح کر سکوں۔ ان تصانیف کے ختم ہو جانے کے بعد میں اس طرف توجہ کروں گا۔

مجھے قوی امید ہے۔ کہ دوسرے ایڈیشن میں اس قسم کے اغلاط باقی نہ رہیں گے۔

میری یہ شرح تمام "درجہ کامل" کے پڑھانے والوں، پروفیسرں، اور طالب علموں کے ہاتھوں میں پہونچے گی۔ اور ان کو غور کرنے کا کافی موقع ملے گا۔ میں سب کی جناب میں خواہش کروں گا۔ کہ جہاں کہیں میرے یا کاتب کے اغلاط، یا ایسے الفاظ جن کا میں پتہ نہ لگا سکا،

معلوم ہوجائیں، تو مجھے فوراً اطلاع دے دیں۔ تاکہ میں دوسرے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کرسکوں، یہ اون کی ایک علمی خدمت ہوگی، اور مجھپر الگ احسان ہوگا۔

[شرح عذب البیان میں میرا کام]

(۱) میں نے پوری کتاب کی تصحیح کی ہے۔ جو بے حد غلط تھی۔ یہاں تک کہ املے کی بھی غلطیاں تھیں۔

(۲) کتاب کے تمام الفاظ، محاورات، اصطلاحات کو نہایت کنج کاوی سے فہرست والے موجودہ لغات سے، اور نہ معلوم کہاں کہاں سے تلاش کیا ہے، پھر میں نے اپنی معلومات سے بھی کام لیا ہے۔

(۳) تمام مشکل فقروں، جملوں، اور عبارتوں کا میں نے ترجمہ کردیا ہے، ممکن تھا۔ کہ میں کل کا ترجمہ کردیتا۔ مگر اس صورت میں طالب علم کو اپنے دماغ پر بالکل ہی زور دینا نہ پڑتا اور یہ اچھا نہ تھا۔ اور اُس صورت میں طالب علموں کو بھی اپنے دماغ سے کچھہ کام لینا پڑیگا۔ اور اُن میں غور و خوض کا مادہ بڑھے گا۔

(۴) ان تمام الفاظ کو میں نے صفحہ وار رکھا ہے۔ تاکہ طالب علم کو سہولت ہو۔ اور جس صفحے کو وہ دیکھہ رہا ہو اس صفحے کے تمام الفاظ اس میں مل جائیں۔

(میری شرح کا عیب و نقص)

(۱) چند لفظیں، اور جملے تصحیح اور حل کرنے سے رہ گئے۔

(۲) بعض الفاظ مکرر حل کئے گئے۔ وجہ اس کی یہ ہوئی کہ اکثر ایسے الفاظ ہوتے ہیں۔ کہ جو طالب علم کے دماغ سے نکل جاتے ہیں۔ اس لئے میں نے پھر اُن کو لکھہ دیا ہے۔ تاکہ ان کو پچھلے اوراق میں ڈھونڈھنا نہ پڑ

اس دوسرے عیب کو چاہے ضرورت میں داخل کیجئے۔ خواہ اس کا شمار عیب میں کیجئے۔ اس کا میں آپ کو اختیار دیتا ہوں۔

یوں تو بہت سے عیوب ہیں۔ لیکن میں نے دو موٹے موٹے نقص و عیب لکھ دیئے ہیں۔

تمہید تو میں ختم کر چکا۔ لیکن ایک آخری بات عرض کرنیکی اور ضرورت ہے مجھے اس شرح کے طبع کرانے میں سخت رکاوٹ ہو گئی تھی۔ یعنی اس وقت مالی مشکلات درپیش تھے۔

مشکلے نیست کہ آساں نہ شود

کا مصداق ہوا۔ میرے محترم عالی جناب مولوی سید احمدؐ صاحب پیشکار مشیر قانونی نے (جو اہل علم ہونے کے علاوہ بے حد علم دوست بھی ہیں) میری اس حالت کا احساس کیا۔ اور اپنی تدابیر کے ناخن سے کچھ اس طرح اس گتھی کو کھولا۔ کہ میں اس قابل ہو گیا کہ دونوں شرحوں کو چھپوا سکوں۔

چنانچہ یہ شرح تو آپ کے مبارک ہاتھوں میں موجود ہی ہے۔ اور دوسری عنقریب آتی ہے۔ آدھی سے زیادہ چھپ چکی ہے کچھ تھوڑی سی باقی رہ گئی ہے۔

شکریہ

آخر میں مَیں اپنے اُن شاگردوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ جنہوں نے تصحیح میں مدد دی ہے

آگرہ میں مولوی مجاور حسین صاحب سلمہٗ ایچ ۔ پی شادمانی ہیڈ مولوی نے پروف دیکھے ہیں ۔

رامپور میں ۔ مولوی فرخ مرزا صاحب پروفیسر شادمانی
مولوی سید احمد حسن صاحب (عرف مدن میاں) شادمانی
مولوی محمد حنیف خاں صاحب ۔ ایچ ۔ پی ۔ طغرائے شادمانی ۔

جنکو مَیں مُلا طغرائے شادمانی کہتا ہوں ۔

مولوی سید احمد علی صاحب نشتر شادمانی ۔ شارح و ملخص دیوان عندلیب و مخزن الفوائد وغیرہ نے شرح عذب البیان ۔ اور شرح خاقانی کی کاپیوں کی تصحیح کی ہے

میں آپ سے رخصت ہوتا ہوں ۔ اب اُس وقت ملوں گا کہ ۔ جس وقت خاقانی کی شرح آپ کے پاس ہوگی ۔

خاکسار

محمد نقی ۔ شادماں لکھنوی سینیر پروفیسر
اورینٹل کالج ۔ دارالسرور ریاست رامپور
مورخہ ۲۰ نومبر ۱۹۲۶ء

مؤلف "عذب البیان" کے مختصر حالات

عذب البیان کے فاضل مولف کے حالات پر تفصیلی روشنی نہیں ڈالی جاسکتی - اس لئے کہ نہ تو خود فاضل موصوف نے کہیں اپنے سوانح قلمبند کئے ہیں اور نہ کسی دوسرے قابل مولف نے اپنے حالات کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ یا تو اسی عذب البیان میں ہے، "یا اخبار ماتم" میں۔ وہ بہت مختصر ہے۔

میرے فاضل شاگرد مولوی سید حامد شاہ صاحب شادمانی - ایچ - بی - شارح قصائد ظہیر فاریابی نے کچھ حالات موصوف کے کسی عزیز سے "اخبار ماتم" سے لے کر تحریر کئے تھے۔ اور وہ انٹرمیڈیٹ کورس میں طبع بھی ہوگئے ہیں۔ اوسی سے، کچھ اضافہ کرکے لکھتا ہوں

آقا مولوی محمد حسین صاحب افشار قزلو کے والد کا نام آقا محمد علی اور دادا کا نام حاجی محمد بیگ اور پردادا کا نام آقا علی نقی ہے -

ترکی النسل، اور افشار قبیلہ سے ہیں

فاضل موصوف کو لوگ کھاچی کہتے تھے۔ کسی نے وجہ پوچھی - جواب دیا - کہ میرے والد ماجد آقا محمد علی جس وقت آذربائجان سے ہندوستان میں آئے تو جہاز سے کھاچ کی بندرگاہ میں اترے - اور کچھ عرصہ تک یہاں مقیم رہے - اس کے بعد دہلی، پھر لکھنؤ آئے، اس وجہ سے لوگ ہم کو کھاچی کہتے ہیں۔

آقا محمد علی درحقیقت ارومیہ کے باشندے تھے۔ یہ مقام صوبہ آذربائجان کے پایہ تخت تبریز سے کوئی تین منزل کے فاصلہ پر ہے، روضہ خوانی کرتے تھے۔ لکھنؤ میں آکر یہی پیشہ اختیار کیا اور شاہِ اودھ کے یہاں ملازم ہوگئے نوجوان تھے۔ یہیں لکھنؤ میں شادی کی۔ موصوف کی دو لڑکیاں اور ایک لڑکا تھا۔ ایک لڑکی کی شادی ایران میں ہوئی اور دوسری کا حال معلوم نہیں

آقا محمد علی نے ۱۲۳۳ھ ہجری میں عتبات عالیات کے زیارات کا، اور اپنے وطن جانے کا ارادہ کیا۔ اپنے بھائی اور اپنے صاحبزادے کو (جو اس وقت کم سن تھے) ہمراہ لے کر بریلی۔ مراد آباد۔ دہلی۔ پشاور۔ لاہور ہوتے ہوئے ہرات پہنچے۔ اور یہاں سے مشہد مقدس آئے۔ زیارت سے مشرف ہو کر دار الخلافہ طہران میں پہنچے۔ یہاں فتح علی شاہ قاچار کے دربار میں رسائی ہوئی۔ اور خانی خطاب سے معزز و ممتاز ہوئے۔ پھر یہاں سے تبریز گئے۔ ولی عہد عباس مرزا نے ان کی بہت خاطر داری کی۔ اور خلعت خاص مرحمت فرمایا۔ نہ معلوم کیا وجہ ہوئی کہ اپنے وطن (ارومیہ) میں نہ جا سکے۔ آقا محمد حسن خود لکھتے ہیں کہ:۔

"آقا ئم ارادہ جانب ارومیہ مولد خود، ومسکن قدیم کہ داشت مانع قوی پیش آمد رفتن میسر نہ گشت"

بہر حال قزوین۔ اور ہمدان ہوتے ہوئے کرمان شاہ پہنچے۔ اور یہاں سے عراق عرب کے پایۂ تخت بغداد میں آئے۔ اور ائمہ کرام کے تمام مزارات کی زیارت کر کے پھر طہران آئے، اور یہاں سے ہندوستان کی طرف روانہ ہوئے آقا محمد علی صاحب جہاں جہاں جاتے تھے۔ اور اُن کی مہمانی کے لئے جو فرمان صادر ہوتے تھے، وہ عذب البیان میں درج ہیں۔

المختصر روضہ خوان موصوف طہران سے بمبئی میں آئے۔ اور یہاں سے پونہ۔ حیدر آباد۔ مچھلی بندر ہوتے ہوئے سیدکاکول۔ جگنا تھ۔ کٹک وغیرہ میں آئے۔ اور یہاں سے کلکتہ پہنچے۔ یہاں سے مرشد آباد۔ پٹنہ۔ بنارس اور یہاں سے لکھنؤ آئے۔ اور یہیں ان کا انتقال ہوا۔

میں اوپر بتا آیا ہوں کہ اولاد ذکور میں سے آقا صاحب کی ایک ہی اولاد تھی۔ یعنی آقا محمد حسین مولف عذب البیان۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد اُن کی روضہ خوانی کی جگہ بیٹے کو ملی۔ اور شاہی ملازم ہو گئے۔ جنت آرامگاہ یعنی اعلیٰ حضرت نواب محمد سعید خانصاحب بہادر

مغفور نے ان کو رامپور بلوایا۔ فاضل موصوف حاضر ہوئے اور اپنی روضہ خوانی سے گرویدہ بنالیا۔ سو روپیہ ماہوار کے ملازم ہو گئے۔ اور رامپور میں رہنے لگے۔

یوں تو ان کی بہت سی اولادیں تھیں۔ مگر زندہ نہ بچیں۔ صرف ایک صاحبزادی تھیں جن کی شادی یہیں رامپور میں جناب وزیر مرزا صاحب کے ساتھ ہوئی۔ وزیر مرزا صاحب کو میں نے دیکھا تھا۔ عرصہ ہوا کہ انتقال کر گئے۔

اب فاضل موصوف کی صرف ایک نواسی یعنی وزیر مرزا صاحب مرحوم کی بیٹی ہیں۔ اور ان کے شوہر پولیس میں ملازم ہیں۔

فاضل مولف عذب البیان نے دو کتابیں تصنیف کی ہیں۔

(۱) **اخبار ماتم**۔ جو طبع ہو چکی ہے۔ اور لوگوں کے ہاتھوں میں ہے

(۲) **عذب البیان** ہے۔ اس کو طبع کرا رہے تھے اور (۲۲۰) صفحے تک چھپ بھی گئی تھی۔ کہ موصوف کا انتقال ہو گیا۔ پھر یہ طبع نہ ہو سکی اور رسالہ نہ ہی اس کے کس مپرسی کے عالم میں رہی۔ کچھ جلدیں ان کے اعزا نے فروخت کیں۔ باقی دیمک کی غذائے لطیف ہو گئیں۔ آخر کار ردی میں بیچ ڈالی گئیں۔

میں نے ایک جلد عالی جناب مولوی **ضیاء الحسن صاحب علوی** - ایم - اے - کی خدمت میں روانہ کی۔ آپ نے اس کو پسند فرماتے ہوئے درجہ کامل کے نصاب میں داخل کر کے فاضل موصوف کو زندہ کر دیا۔

علامہ مذکور نے اس کتاب میں ایران کے تمدن سے بحث کی ہے۔ اور ہر قسم کی زبان۔ محاورات۔ اصطلاحات اس میں بطریق التزام لائے ہیں۔ تاکہ دیکھنے والے کو فارسی زبان پر عبور حاصل ہو روزمرہ پر قدرت حاصل ہو سکے۔ چنانچہ خود مولف موصوف نے

دیباچہ میں اس کا اظہار بھی کیا ہے۔

حقیر نے اس کی شرح و فرہنگ کر دی ہے۔ مجھے قوی امید ہے کہ عذب البیان اور اس کی شرح ملک میں مفید ثابت ہوگی۔ اور طلاب کی زباں دانی میں کافی اضافہ ہوگا۔

خاکسار

شادماں

عذب البیان

عذب البیان - عذب - شیریں - اور خوشگوار پانی - بیان - سخن کشادہ کہنا - فصاحت - اور ایک علم کا نام ہے

فُرس - بالضم - اہلِ فارس -

ساکنانِ دیارِ قدس - فرشتوں سے مراد ہے

پوزش - عذر - معذرت -

کُن - صیغہ امر ہے - اس کے معنی (ہو) کے ہیں - کان - یکون - کون سے مشتق ہے - اشارہ ہے اس حکم باری تعالیٰ کی طرف جس کو اُس نے موجودات کے پیدا کرنے کے لئے کیا تھا -

انشا - پیدا کرنا - شروع کرنا - اور خود سے کچھ کہنا - ایک علم کا نام ہے جس سے نثر کی ترکیب معلوم ہوتی ہے -

روزنامچہ صدق نگار لیل و نہار - روزنامچہ اُسے کہتے ہیں - جس میں روزانہ کے حالات درج کئے جائیں - یا حساب روزنامچہ موصوف ہے "صدق نگار" اس کی صفت - یہ دونوں مل کر مضاف اور لیل و نہار اس کا مضاف الیہ ہے - "روزنامچہ لیل و نہار" میں اضافتِ تشبیہی ہے -

سواد و بیاضش - اس کی سیاہی اور سپیدی ضمیر شین روزنامچہ لیل و نہار کی طرف ہے

مشحون - پُر کیا ہوا -

حمد - ستائش کرنا - اصطلاح خاص میں حق سبحانہٗ تعالیٰ کے عظمت و جلال کا بیان کرنا

قوت ناطقہ - گویائی کی قوت - نفس ناطقہ

جو ادراک معقولات واکتساب مجہولات
کرتا ہے

شرح ۔ دن رات کا روزنامچہ ۔ جس
کی سیاہی وسپیدی کا مطالعہ علم معرفت کے
طالب علموں پر مہارت کے دروازے
کھولتا ہے ۔ ایسی خالق کی حمد وثنا سے پُر
ہے ۔ جس نے ہیچمدان انسانوں کی دھن
کے لئے گویائی کی قوت زیادہ کر دی اور
مختلف لغات سے آشنا ۔

ابداع ۔ کسی چیز کا نیا پیدا کرنا ۔

اطفالِ غنچہ میں اضافت تشبیہی ہے ۔

بنات ۔ بنت کی جمع ۔ لڑکی

نبات ۔ ہر قسم کی گھانس اور درخت

امتنان ۔ نعمت دینا ۔ احسان رکھنا ۔

عدم ۔ نیستی ۔

امکان ۔ مصدر ہے ۔ قدرت دینا ۔
اور جگہ دینا ۔ معنی اول میں امکنت سے ماخوذ
ہے ۔ اور معنی دوم میں مکانت سے ۔ ق
ایرانی ۔ طاقت ۔ قدرت کے معنی میں استعمال
کرتے ہیں ۔ اصطلاح میں امکان وہ ہے
جس کا وجود وعدم دونوں ضروری نہ
ہوں ۔ ماسوی اللہ سے بھی مراد ہوتی ہے ۔

مادہ ۔ اصل ہر چیز وسامان ترکیب ہر شی

ہیولےٰ ۔ اصل ہر چیز ۔ ماہیت ہر شئے
مادہ ہر شئے ۔ حکمار کے نزدیک ایک شئے ہر
ہے جو محل صورت جسمی ہے ۔

رطب اللسان ۔ تر زبان ۔

شرح ۔ خداوند عالم ایسا منعم ہے کہ اس
کے ابداع کے مکتب میں غنچہ اور نباتات
جو لڑکے اور لڑکیاں ہیں اس کے نعمت و
احسان کے شکرانہ کا سبق پڑھ رہے ہیں ۔ اور وہ ایسا
منعم ہے کہ عدم وامکان کے کالج میں مادہ
وہیولے بلفظ ومعنی اس کے فیض تربیت
کی تکرار سے تر زبان ہیں ۔

اِنّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً

پارۂ اول ۔ سورہ بقر میں یہ آیت ہے ۔
(ترجمہ) میں زمین پر خلیفہ مقرر کروں گا ۔

بر ۔ جسم
ابو البشر ۔ حضرت آدم ع

سرور اصفیا ۔ اصفیا ۔ صفی کی جمع ہے ۔
برگزیدہ ۔ سرور اصفیا ۔ حضرت آدم
کو کہا ہے ۔

وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ کُلَّهَا

اور آدم ع کو کل نام تعلیم کئے ۔

شرح وہ ایسا بندہ نواز ہے جس نے اپنی
قدیمانہ عنایت سے حضرت آدم کے

جسم پر خلعت عہدہ خلافت پہنا دیا۔ اور وہ ایسا بے نیاز ہے جس نے اپنے کریمانہ الطاف سے آیہ مذکور کے مفہوم کے عطیہ سے حضرت آدم کو شیر و شکر کی لذت چکھائی۔

شگوفہ ۔ کلی

تو بر تو ۔ تہ بتہ۔

پہلو بندی ۔ رعایت نفع۔ طرفداری۔ داد۔ اور کرد کے ساتھ مستعمل ہے۔ "پہلو بندی کرد" رعایت کی۔ حمایت کی۔ معاملے میں نفع پہنچایا۔

حجر خشک دماغ ۔ موصوف صفت۔ خشک دماغ۔ سودائی۔ پتھر کی خشک دماغی واضح ہے۔

شرح ۔ وہ ایسا معبود ہے۔ کہ ہر شجر اپنی شاخ تر کے قلم سے اس کے خداوندی نقش کو بندگی کی اصطلاح میں اوراق شگوفہ پر لکھتا ہے۔

اور وہ ایسا مشہود ہے کہ اس کی رعایت و حمایت کی وجہ سے پتھر۔ باوجودے کہ سودائی و خشک دماغ ہے مگر اس کی یکتائی کے اقرار پر لعل و یاقوت کی سطروں کو سند گفتگو رکھتا ہے۔

دوائر ۔ دائرہ کی جمع۔

مدات ۔ مد کی جمع۔

بحر زخّار ۔ زخّار۔ بسیار پُر۔ پانی سے مالا مال سمندر۔ زخ سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ سمندر کا پانی سے پُر ہونا۔ بعض کے نزدیک یہ لفظ فارسی ہے۔ کہتے ہیں کہ زخ اور کلمہ آر سے مرکب ہے۔ زخ کے معنی شور اور بانگ کے ہیں۔ زخّار۔ شور کرنے والا سمندر۔

از بر و روال دارد ۔ حفظ اور یاد رکھتا ہے

دارد کا فاعل بحر زخار ہے

بذل ۔ دینا۔

نوال ۔ بخشش و عطا

براری ۔ میدان۔

قفار ۔ ایسی زمین نہ جس میں پانی ہو نہ گھاس۔ اس کا واحد قفر ہے۔

شرح ۔ وہ ایسا کردگار ہے کہ اس کی مناجات کے دوائر و مدات کو شور کرنے والا سمندر اپنی تقریر آبدار سے سلسلہ موج میں از بر و روان رکھتا ہے اور وہ ایسا ایزد باری ہے کہ اس کے بذل و نوال کے فقرات کو غبار کا ہر ذرہ میدان و صحرا میں اپنے

جان کے مقصود کی تسبیح جانتا ہے ۔
بلبل سدرہ ۔ حضرت جبرئیل ۔ سدرہ
بیری کے درخت کو کہتے ہیں ۔ ساتویں آسمان
پر یہ درخت ہے جس کو سدرۃ المنتہیٰ کہتے ہیں
حضرت جبرئیل کے جانے کی حد یہیں تک ہے
حدیقہ ۔ ایسا باغ جس کے گرداگرد دیوار
ہو ۔ یا احاطہ ۔
صورت حال ۔ محضر گواہی ۔ استشہاد
مطائبات ۔ مطائبہ ۔ خوشطبعی کرنا ۔
شاہد عادل ۔ گواہ عادل
گل رعنا ۔ ایک پھول ہے ۔ جو اندر سے
سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے ۔
مستفاد ۔ فائدہ حاصل کیا ہوا ۔ اور وہ
چیز کہ بطریق فائدہ حاصل ہو ۔
کافل ۔ ضامن
دیلماج ۔ دو زبانوں کا مترجم ۔ ترکی ہے ۔
ابر آزار ۔ آزار رومی مہینہ کا نام ہے
چیت کے مہینے سے مطابقت رکھتا ہے ۔
نیایش ۔ تعریف ۔ تحسین ۔ دعا ۔ زاری
ازہار ۔ کلیاں ۔ اس کا واحد زہر ہے
شرح ۔ وہ ایسا داور ہے ۔ کہ اس کی
تعریف و تحسین کا ترجمہ مترجم دو لسان
ابر لہجہ برق شرار میں طرح طرح کی کلیوں پر

حالی کرتا ہے ۔
اتالیق ۔ تربیت کرنیوالا اور اتا کے شوہر کو بھی کہتے ہیں
توجیہ ۔ خوب بیان کرنا ۔
امصار ۔ واحد مصر ۔ شہر ۔
مرغزار ۔ جہاں سبزہ بہت ہو ۔ مرغ
بالفتح ۔ دوب ۔ اور زار کثرت پر دلالت
کرتا ہے ۔
صفحہ ۳ تعالیٰ شانہ و عم جرائد احسانہ ۔
اس کی شان بلند ہے ۔ اور اس کے احسان
دفاتر عام ہیں ۔ اگر جرائد کا لفظ نہ ہوتو
اچھا ہے ۔
تحیات ۔ تحیۃ واحد ۔ سلام کرنا ۔
زاکیات ۔ صفت تحیات ہے ۔ ایسی
تحیات جو پاک ہیں ۔
فوحات ۔ بالفتح ۔ بوہائے خوش
وجنات ۔ واحد وجنہ رخسارہ جہاں اٹھی ہو
مرام ۔ اسم ظرف ۔ مراد و مطلب ۔
وافیہ ۔ کامل و تمام
مد ۔ خط دراز ۔
ارشاد ۔ راہ حق دکھانا ۔
طومار ۔ نامہ ۔ صحیفہ ۔ دفتر ۔ لمبا خط ۔
کسبہ ۔ کاسب ۔ پیشہ ور ۔
شرح ۔ ایسے پاک درود و سلام کہ مشک

وعنبر کی خوشبو اس کی ظاہر عبارت سے مشتاقوں کے مشام میں پہنچتی ہے۔ اور ایسے نامی تسلیمات کہ ستاروں کی چمک دمک اس کی بشارت کے پرتو سے ایمان کے کامل مقصد پر خط نور کھینچتی ہے یہ تحیات وتسلیمات اخلاص وعقیدے کے صفحہ پر ایسے ادیب دین کی لغت کا مسودہ ہے کہ جس نے بطریق راہنمائی کتاب ہدایت سے نجات کے طریقے پڑھا دیئے۔ اور دفتر سعادت کے رمز اور نکتے ایسے لوگوں کے لئے بطور کلیات جمع کر دیئے۔ جو شرک اور ضلالت سے بری ہیں۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُوْحٰى - اور وہ خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتا۔ جو کچھ کہتا ہے وہ نہیں ہے۔ مگر وحی جو اس کی طرف بھیجی جاتی ہے۔

فرقان + قرآن شریف۔

شرح - وہ حضرت ایسے سخنور ہیں کہ آیہ "ما ینطق" ان کے جاہ وجلال کے قرآن کا ایک حرف ہے۔ اور ایسے پیغمبر کہ وما محمد الا رسول ان کے قرآن پاک کا ایک وصف ہے۔

محرر عیار دانش آب وخاک - سے مراد خداوند عالم ہے۔ عیار دانش ایک کتاب کا نام ہے۔

جامع فرہنگ عقول عشرہ - سے مراد خداوند عالم ہے۔ فرہنگ۔ لغت کی کتاب۔

عقول عشرہ۔ حکماء کے نزدیک دس عقلیں ہیں۔ پہلے خداوند عالم نے عقل اول کو پیدا کیا۔ اس نے عقل دوم اور آسمان کو پیدا کیا۔ اسی طرح دسویں عقل نے تمام عالم کو پیدا کر دیا۔

فصل مشبعی - فصل۔ موسم۔ کلام کا ایک حصہ۔ جدا ہونا۔ مشبعی۔ سیر کردہ شدہ یہ تو لغوی معنی تھے۔ اور محاورے میں یہ ہیں۔ "فصل مشبعی مدح کرد" بہت طولانی مدح کی۔ یا پڑھی = فصل مشبعی کتک زد بہت زیادہ مارا۔

شرح - اور وہ ایسے محمود ہیں۔ کہ آب وخاک کی کتاب کے محرر اور عقول عشرہ کے فرہنگ کے جامع۔ یعنی خداوند عالم نے ان کے حسن سیرت میں اپنے قلم قدرت سے بڑے طولانی فضائل کا احصار کیا ہے۔

سے یہ آیہ پارہ ۲۷۔ سورہ نجم میں ہے ۱۲

محضر - سجل قاضی -

منشور - فرمان شاہی -

کرام بررۃ - بایدی سفرۃ ٥ کرام بررۃ ٥ جو نیکوکار اور بزرگ سفیروں کے ہاتھوں میں رہی -

۳۰۵ عبس

طغرا - ایک قسم کا پیچیدہ خط ہے - اس خط سے فرمان شاہی کے القاب لکھے جاتے ہیں -

لولاک لما خلقت الافلاک

اگر تم نہ ہوتے تو میں ہرگز افلاک کو نہ پیدا کرتا ٭

شرح - اور وہ ایسے مسعود ہیں - کہ محضر ادراک کے دفتر نویس - اور کرام بررہ کے منشور نے ان کے صفائے طینت کے فقرات کو رسالہ سلوک کے عنوان میں لولاک لما خلقت الافلاک کے طغرے سے املا کر دیا -

مستوفی - میر دفتر -

مسجل - مہر کیا ہوا -

شرح - جناب محمد مصطفٰے ایسے میر دفتر ہیں کہ جن کے نام نامی پر قضا و قدر کی کچہری میں خاتم المرسلین کی رقم مہر نبوت سے مسجل ہوئی -

قرشی - منسوب بہ قریش کہ نام قبیلہ ہے - اور اس قبیلے کے باپ نضر بن کنانہ آنحضرت کے اجداد سے ہیں -

قریش دراصل قرش کی تصغیر ہے - اور یہ ایک عظیم الجثہ بحری جانور ہے - کہ جو سب جانوروں پر غالب رہتا ہے - غلبہ کی وجہ سے قبیلہ مذکور کا لقب ہوا -

اُمّی - منسوب بہ اُم - آنحضرت کا لقب ہے آپ نے کسی سے تعلیم نہیں حاصل کی - تاکہ استاد کو آپ پر تفوق حاصل نہ ہو ٭

ملکوت - پادشاہی - پروردگاری عالم فرشتگان - عالم ارواح -

افادت - فائدہ دادن -

ابطحی - منسوب بہ ابطح - ابطح - ایسی زمین جہاں بہت سنگ ریزے ہوں - وادی مکہ معظمہ سے مراد ہوتی ہے -

اجلّہ - جلیل کی جمع ہے

جبروت - عظمت و بزرگی - عالم عظمت وجلال - و اسمائے وصفات الٰہیہ ٭

شرح - آنحضرت ایسے سید قرشی اور امّی ہیں جن کے افادہ و شاگردی سے عالم

ملکوت کے فاضلوں کو شرف و مباہات
کے قانون حاصل ہیں - اور ایسے ملکی
و مدنی سردار ہیں - کہ جن کی عبادت کے
طرز سے عالم جبروت کے بزرگ ترقی
درجات پر پہنچے ہوئے ہیں -

بشیر بشارت دینے والا

نذیر ڈرانے والا -

الہام خیر یا شر کے وقوع کے متعلق جو
خداوند عالم کسی کے دل میں ڈالدے

تنزیل - فرو فرستادن - ترتیب دادن -

شرح - وہ ایسے دلبر ہیں کہ جبرئیل ان کے
خادم اور پیغام کے حامل ہیں - اور ایسے
بشیر و نذیر کہ انہوں نے ہمیشہ اپنے لبوں کو
الہام الٰہی سے جنبش دی -

صدیق - بہت سچ کہنے والا

امین - امانتدار -

صدیق امین سے مراد آنحضرت ہیں -
دوسری جگہہ بھی " صدیق امین " ہے
کاتب کی غلطی سے " صدیق ایں " ہوگیا
ہے - تم تصحیح کرلو -

برزخ - ایسی چیز جو دو مخالف چیزوں
کے درمیان واقع ہو - جیسے اعراف بہشت
و دوزخ کے درمیان اور بندر انسان اور
حیوان کے - اور درخت خرما حیوان - اور نبات کے
درمیان آنحضرت واجب و ممکن کے درمیان ہیں -

واجب - جسکا ہونا ہر زمانہ میں ضروری ہو
ممکن - جسکا عدم و وجود دونوں ضروری ہوں

شرح - وہ صدیق امین (آنحضرت) کہ پروردگار
کے کلام کا واسطہ وہی صدیق امین ہیں - اور واجب
و ممکن یعنی خداوند عالم اور عالم میں جو رابطہ برزخ
ہے وہ یہی صدر نشین ہیں یعنی آنحضرت واجب
و ممکن کے درمیان ہیں - (صفحہ ۴)

اللہم صل علی محمد و آلہ الطیبین الطاہرین

خدایا محمدؐ اور انکی پاک و طیب آل پر درود بھیج

تمہید - کام کا ہموار کرنا - عمدہ کام کرنا -

تحمید - حمد کرنا -

افشار - ترکمانوں کا ایک گروہ ہے جو اردومیہ و خراسان
وغیرہ میں ساکن ہے اسکی بہت سی شاخیں ہیں جنکو تیرہ کہتے ہیں
بعض کے نام تمہاری معرفت کے لئے ہم لکھ دیتے ہیں - جید دانلو
بیگلو - قرقلو - اشاجلو - پاپالو - احمدلو - شاملو - قرہ کوزلو -
سیجاملو - شادللو - عثمانلو - عبدلو - زیدانلو - قراچورلو - سعدلو
اغورلو - کنگرلو - ساریولیلو - آق قوینلو - چاوش لو - زعفرانلو
گرلو - قراقوینلو - وغیرہ -

تیرہ - بڑے قبیلہ کی ایک شاخ - ترکمانوں کے ۲۴ شعبے ہیں
اسمیں سے ایک افشار ہے اسمیں ۴۲ تیرہ ہیں -

قرقلو - ترکمانوں کی ایک -

صبا - طفلی - کودکی -
قاصد - قصد کرنے والا - پیغامبر
عتبات عالیات - بلند آستانے
عتبات کا واحد عتبہ ہے - ائمہ مقدسہ
کے مزارات مراد ہیں -
مشہد مقدس - حضرت علی بن موسیٰ رضا
کا مزار پاک - جو علاقہ طوس میں ہے -
شہر کو بھی مشہد کہتے ہیں -
دربار قدس استار - استار - ستر کی
جمع ہے - قدس استار - اسم فاعل ترکیبی -
ایسا دربار جو پاک پردے رکھنے والا ہو
خلاع آفتاب شعاع - ایسی خلعت
جن کی چمک دمک آفتاب کی شعاع
ایسی ہو -
فرمان واجب الاذعان - ایسا
فرمان کہ جس کی اطاعت فرض ہو -
صفحہ ۵ نائب السلطنۃ + ولی عہد - ایران
کا ولیعہد - صوبہ آذربائیجان کا حاکم ہوتا
ہے - جیسے انگلستان کا ولی عہد صوبہ
ویلز کا -
نقشش این ست - اس کی نقش یہ ہے
العزۃ للہ - قوت و غلبہ اللہ ہی کے
لئے ہے -

مفتاح - کلید - کنجی
مصباح - چراغ -
مشکوٰۃ - بڑا طاق جس میں چراغ رکھا جائے -
ارجمند - صاحب قدر - گرامی قدر -
ارشد - زیادہ سیدھا راستہ پانے والا -
بے ہمال - بے مثل -
موفق - توفیق یافتہ -
موید - تائید کیا گیا -
اعزہ - عزیز کی جمع - بزرگوار -
اعیان - بزرگاں - ذوات موجودات
الحال - اس وقت
مشار الیہ - اس کی طرف اشارہ کیا گیا
نجبا - نجیب کی جمع - بزرگوار -
مناص - گریزگاہ - خلائق مناص -
دولت کی صفت ہے -
قدغن - تاکید - غدغن بھی آیا ہے -
(صفحہ ۵) تخلف نورزند - خلاف نہ کریں -
غرہ - اول روز ہر ماہ -
شہر - ماہ
طبق - مطابق - موافق -
تفقد - کھوئے ہوئے کو ڈھونڈھنا -
فارسی والے مہربانی کرنے کے
معنی میں استعمال کرتے ہیں -

صندوق خانہ ۔ توشک خانہ ۔

آقا یم ۔ میرے آقا یعنی میرے والد ماجد

صَوب ۔ طرف جانب ۔

سواد ش این ست ۔ اس کی نقل یہ ہے ؛

شرح

الٰہی تحمید اور رسالت پناہی درود کے بعد سخن سنجوں کے ضمیر پر اس امر کو واضح کرتا ہے کہ راقم گنہگار **محمد حسین بن محمد علی** ترک افشار ۔ تیرہ قرقلو ۔ کم سنی کے زمانے میں اپنے والد ماجد اور چچا کے ہمراہ ۱۲۳۳ھ میں مزارات مقدسہ کی زیارت کے لئے **بریلی** اور **مراد آباد** اور یہاں سے اُن اُن مقامات پر ہوتا ہوا ہرات پہنچا ۔ اور یہاں سے مشہد مقدس کی جبہہ سائی (زیارت) کا شرف حاصل کرتا ہوا طہران آیا ۔ یہاں ایک عرصہ تک رہا ۔ میرے والد ماجد دربار سلطانی میں باریاب ۔ اور آفتاب شعاع خلعتوں اور خانی خطاب سے کامیاب ہو کر ۔ عزیزان وطن کی ملاقات کی آرزو میں وارد تبریز ہوئے شاہی فرمان جو ولی عہد **عباس میرزا** کی طرف (میرے والد کی سفارش کے لئے صادر ہوا اس کی نقل یہ ہے ۔

باقی ترجمہ آپ خود سمجھئے ۔ مجھے زیادہ تکلیف نہ دیجئے ۔

فروزاں کوکب ۔ روشن ستارہ ۔

عواطف ۔ مہربانیاں ۔

مترادف ۔ پے در پے

خطیر ۔ بزرگ وعظیم ۔

مباہی ۔ فخر کرنے والا ۔

یک چند ۔ کچھ دنوں ۔

صفۂ کرمانشاہاں ۔ ایران میں مشہور مقام ہے

تعدی ۔ حد سے تجاوز کرنا ۔ اور ظلم وستم ۔

غصب نمودہ ۔ غصب کرلئے یعنی ظلم سے لیئے ۔

زنبورک خانہ ۔ شتر نال خانہ ۔

وابستہ خود ۔ اپنے متعلقین ۔

یورش برد ۔ حملہ کیا

کھیا ۔ بغداد کے بادشاہ کے پیشکار اور وزیر کا لقب ۔

ینگچری ۔ ترکوں کی ایک سابق فوج جس کو ینگشری بھی کہتے ہیں ۔

ارلغوت ۔ ترکمانوں کی ایک شاخ ۔

عثمانلو ۔ ""

نظام ۔ باقاعدہ فوج ۔

آتش خانہ ۔ توپ خانہ ۔

بعد ارسال سر و زندہ یعنی کٹے ہوئے
سر اور زندہ کے بھیجنے کے بعد۔
ساعرہ ۔ نام شہر عراق عرب۔
چیز خور گردیدہ ۔ یعنی مسموم ہوا کسی نے
زہر کھلا دیا۔
پلاس سیاہ ۔ کالا کمل۔
شال عزا بہ گردن انداختن ۔ ماتم دار
خواہ بیٹا ہو یا بھائی وغیرہ سیاہ رومال ۔
یا شال کو بل دے کر گردن میں ڈالتے ہیں
اور دونوں کناروں کو عقب میں لیجا کر کمر
میں کھونس لیتے ہیں۔
شانہ و سینہ بہ گل آلودہ ۔ شانہ اور
سینہ کو کیچڑ سے لتھیڑ کر۔
ناخنِ افگار دہ ۔ میں اضافت بادنیٰ
ملابست ہے۔
عملہ موت ۔ گورکن ۔ غسل دینے
والا ۔ تابوت بردار ۔ ذاکر ۔ قرآن خواں
وغیرہ ۔
مجمر ۔ انگیٹھی ۔ جس میں عود وغیرہ
سلگائیں
عود سوز ۔ یہ بھی وہی ہے
در جلو می رفتند ۔ ہمراہ جاتے تھے
یا آگے جاتے تھے۔

جوق جوق شدن ۔ غول غول ہو کر۔
مسند سر انداز ۔ مسند کے نیچے کا مندی فرش۔
پشتی ۔ تکیہ ۔ گاؤ تکیہ ۔
متکائے روئے تخت ۔ تخت پہ
کا تکیہ ۔
مشکی فام گردید ۔ سیاہ ہوئی
عزل ۔ بیکاری اور کسی کو بیکار کرنا۔
نصب ۔ برپا کرنا۔
ائمہ عراق ۔ وہ امام جو عراق میں
مدفون ہیں ۔ جیسے حضرت امام حسینؑ ۔ حضرت
موسیٰ کاظمؑ ۔ حضرت علیؑ وغیرہ۔
کورنش ۔ جھک کر سلام کرنا ۔ ترکی ہے۔
بالیوز ۔ پولیٹکل ایجنٹ۔
ممبئی ۔ بمبئی۔
اہداب ۔ مژگان ۔
سداد ۔ راستی و درستی در کردار و گفتار۔
مورد ۔ محل فرود آمدن ۔ اترنے کی جگہ۔
مناظم ۔ جاہائے ترتیب و نظم
جاہائے پیوستن۔
مستدعیات ۔ خواہشیں۔
انجاح ۔ حاجت روائی۔
مقرون ۔ نزدیک
انصراف ۔ بازگشتن۔

خدا نگہدار - خدا حافظ
کہ یک سفر ہند آمد - کہ ایک بار ہندوستان کا سفر کیا ہے -
پادرمیانی - واسطہ -
فرمان فرما - گورنر - صوبہ کا حاکم -
جہاز فرگٹ - ڈاک کا جہاز
شہامت - بزرگی - توانائی - دلیری
بسالت - شجاعت - دلیری
فخامت - بزرگی - قدر - بلندی -
مناعت - استواری -
اُبہت - بزرگی -
اکتناہ - کسی چیز کی کنہ پر پہونچنا -
مجدت - بزرگی -
نجدت - شجاعت - دلیری
نبالت - بزرگواری - آگاہی -
زُبدہ - خلاصہ
صندلی - کرسی - چوکی
مرفوع میدارد - مرفوع - بلند داشتہ شدہ - یعنی عرض کرتا ہے -
مساعی - جمع مسعاة - بمعنی سعی -
نامہ عطوفت ختامہ ایسا خط جس پر مہربانی کی مہر لگی ہو - ختامہ - موم اور لاکھ کو کہتے ہیں
انحا - جمع نحو - راہ - طور -

استظہار - پشت پناہ ہونا - قوی پشت ہونا - یاری چاہنا -
مستظل - سایہ لینے والا - سایہ سے پناہ ڈھونڈنے والا -
قدر قدرت - قدر کی قدرت رکھنے والا - قدر حکم خدا ہے -
خورشید رایت - آفتاب کا جھنڈا رکھنے والا -
عطارد فطنت - دبیر فلک کی سی دانائی رکھنے والا
بہرام سطوت - بہرام کا سا دبدبہ رکھنے والا -
صفحہ ۱۰
زحل رفعت - کیوان کی سی بلندی رکھنے والا - زحل فلک ہفتم پر ہے -
بے ہمال - بے مثل -
باہر النور - باہر - روشن - ظاہر
یرلیغ - فرمان شاہی یہ لفظ ترکی ہے
مُشعر - خبر دہندہ -
منتسبان - نسبت رکھنے والے
ثغور - جمع ثغر - سرحد -
بین الدولتین علیتین - دو بلند سلطنتوں کے درمیان -
وداد - دوستی -

ابلاغ - رسانیدن۔
منشور مذکور حین ورود ابلاغ گردید۔ منشور مذکور مکاتبہ شہزادہ کو لکھا ہے۔ جو صفحہ ۹ کی تیسری سطر میں ہے۔ یعنی شہزادہ کا خط میرے ورود کے وقت پہونچا۔
مرکب - جہاز
معبر - گذرنے کی جگہ - محل گذر۔ - جائے عبور از دریا - (صفحہ ۱۱)
صفحہ ۱۱ پایٔ نام - اسمی بنام۔
کیاست - دانائی - زیرکی۔
عبارت کتابت اینست۔ اور خط کی عبارت یہ ہے۔
شعشعہ - روشنی آفتاب۔
رشحات - رشح نیز اوش - تراویدن
مخضّر - سبز۔
اضوا - ضو کی جمع۔
اعطاف - مہربانیاں - عطف کی جمع
لم یزلی - لم یزل کے معنی پائندہ بے زوال کے ہیں۔ اور ذات حق۔ اس میں یا نسبت کی ہے۔ دراصل یزال تھا۔ لم نے آخر حرف کو ساکن کر دیا بوجہ التقائے ساکنین الف گر گیا۔

دعوات - جمع دعوت - بمعنی دعا
صوامع - جمع صومعہ - گرجا - اور مسجد
سرائر - رازہا - جمع سر ہے۔
ملکوت - بادشاہی - پروردگاری عالم فرشتگاں - باصطلاح صوفیاں عالم معنی (عالم ارواح)
اتحاف - تحفہ دینا
اشعہ - جمع شعاع
استجابت - قبول کرنا - جواب دینا
مجامع - واحد مجمع - جمع ہونیکی جگہیں
معتکفان - معتکف کی جمع - عبادت کی غرض سے مسجد میں بیٹھنے والے۔
حظائر - جمع حظیرہ - احاطہ کہ چوب ونی سے حیوانوں کے لئے بنائی جاتی ہے۔ احاطہ قبرستان - وگنبد قبر۔
جبروت - عظمت - بزرگی - تکبر اصطلاح سالکان عالم عظمت وجلال آسمانی - صفات الٰہی - ومرتبہ وحدت
مرآت آئینہ - اسم آلہ ہے رویت سے
منطبع از انطباع ایک چیز کا دوسری چیز پر نقش ہونا
رسل - جمع رسول - بمعنی قاصد و پیغامبر
رسائل - مکتوبات و نامہا۔
مفتح - کھولنے والا۔

مہام - جمع مہم - امرِ عظیم - و کارِ دشوار

مرام - مراد - مطلب -

مشید - محکم کرنے والا -

بنیان - بنیادِ خانہ -

موالفت - باہم دوستی کرنا -

مودت - دوست رکھنا

استحضار - یاد رکھنا - کسی کی حضوری چاہنا

نصاب - فارسی میں بہ معنی مال و زر و سرمایہ مستقل ہے -

آستانِ عدالت ارکان -
ایسا آستانہ جس کے رکن عدالت کے ہوں -

معاودت - بازگشتن - واپس ہونا

توقیع - نامہ و منشور پر بادشاہ کا نشان کرنا - فرمانِ بادشاہی -

وقیع - بلند - رفیع - وقع سے ماخوذ ہے بمعنی جائے بلند - اور پہاڑ کی چوٹی -

ارایک - جمع اریکہ - بمعنی تخت

مبادی آداب - مبادی جمع مبدء بہ معنی جائے آشکار اشدن - یعنی آداب کے ظہور کا محل اور جگہ ہیں -

شرح

عبارت "کتابت این ست" سے لیکر صفحہ (۱۲) کے خاتمہ تک کا ترجمہ کیا جاتا ہے :-

جب تک کہ عیسیٰ آفتاب گردوں نشین کے جمال کا نور فلک چہارم سے عرصہ زمین و آسمان کا روشنی افزا اور بادِ صبا کا دم مسیحا گلشن خضرا (دنیا) میں پژمردگاں لالہ و ریاحین کا زندگی بخشنے والا ہے - اس وقت تک فرماں روائی و شوکت دولت و عزت کا چمن - حاکم ازل (خداوند عالم) کی ابرِ عنایت کے ترشح سے سرسبز و شاداب - اور صفحہ خاطر قادر لم یزلی کی مہربانیوں کی ضو سے منور رہے -

ان محبت آیات دعاؤں کے بعد جس کی اجابت کا پرتو ازہاے عالم ملکوت کے عبادت خانوں کو مزین - اور ان مودت بنیات سلاموں کے تحفہ کے بعد جس کی آثار قبولیت کی شعاعیں عالم جبروت کے حظیروں کے معتکفوں کے مقامات کو روشن کرتے ہیں آپکی رائے پر یہ امر واضح کرتا ہے چونکہ دونوں سلطنتوں کے اتحاد کے لوازم اور دونوں شوکتوں کی دوستی کے رواسم ایسے ہیں کہ ہمیشہ قاصد خطوط کے ارسال کرنے میں دوستی و محبت

گئے دروازوں کو کھولنے والے۔ اور اگر
ضروریہ اور مقاصد مہمہ کے اظہار کرنے
میں اس سے الفت مودت کے بنیاد کے مضبوط
کرنے والے ہوں۔ اس بنا پر میں اس
مراسلہ اتحاد کے تحریر کرنے میں مشغول ہوکر
آپ کے استحضار کے لیے تحریر کرتا ہوں
کہ عالی جناب **محمد علی خان** ہندی جو اس
صحیفہ مودت کے حامل ہیں۔ کچھ دنوں
دارالخلافہ طہران میں اعلیٰ حضرت خدیو
بے ہمال کے آستانے پر جبہہ سا۔ اور اس
وسیلے سے کامیاب مقاصد رہے ہیں۔
اس وقت یہ رخصت حاصل کرکے
(۱۳) اپنے وطن مالوف کی طرف واپس ہو رہے
ہیں ؛

لہذا شاہی فرمان و سلطانی توقیع بطریق
سفارش شرف صدور ہوا کہ جناب "آغا"
صاحب کے ساتھ پورے طور پر مہربانیاں
کرکے جناب والد سے اس امر کا اظہار
کیا جاتا ہے کہ جس وقت یہ آپ کے حدود
میں وارد ہوں۔ تو جناب والا ان کے ساتھ
محترمانہ۔ معززانہ۔ مجتبانہ برتاؤ کریں۔
اور لوازم التفات مبذول فرمائیں۔
ساتھ ہی اس کے لکھنؤ کے نواب مستطاب
کو بھی مطلع فرمائیں۔ کہ وہ آغا صاحب
موصوف کے کاموں کو منتظم اور منضبط
کریں۔ اور اس وسیلے سے ان کے دل کو
مسرور اور خوش فرمائیں۔ جناب والد
کے جو دلی مرغوبات (کہ منجر بہ استقرار
جہانبانی و گوئنری ہوں) ان کو آپ ظاہر
فرمائیں۔ ہماری سلطنت کے کارکن ان
کے انجام دینے پر مامور ہو جائیں گے۔
باقی خدا کرے ہمیشہ دونوں سلطنتوں کی
دوستی کی بنیاد اور دونوں شوکتوں کی
محبت کے مواد محکم و استوار رہیں۔

۲۳ ربیع الثانی سنہ ۱۲۳۰ھ

صفحہ (۱۳)

دارالامارہ۔ دارالحکومت۔
ملجا۔ جائے پناہ۔ لجا سے ماخوذ ہے۔
مجاور۔ ہمسائگی کرنے والا۔
جلت عظمتہ و عمت نعمتہ۔
اس کی عظمت بڑی ہے۔ اور اس کی
نعمت عام ہے۔
بحسب ولایت عہد (الخ)
یعنی بربنائے ولی عہدی شد۔ ایالت
نے نواب **محمد سعید خان** بہادر مغفور
کے بیٹے کے قدم سے رونق دوبالا حاصل

کی تی
محتشم الیہ نواب محمد سعید خانصاحب
بہادر مغفور۔

رئیسی (الخ) ایسے رئیس کہ عقل و
دانش میں افلاطون اور ارسطو کے معلم
تھے ؛

اور ایسے امیر کہ فضل و کمال ہیں ح انور
ان کا ملازم ہے۔ ان کی ملک داری کے
انتظام کو یورپین عقلا تسلیم کرتے ہیں۔ ان
کی سیاست کے شحنہ نے صفحۂ ہستی سے شر
و فساد کا نام بھی باقی نہ رکھا۔ اور انکی حکومت
کے زمانے میں دوست و دشمن کے لیے
امن و امان کا بساط بچھا دیا گیا۔ ان کی
دلیری اور شجاعت کے طنطنہ سے
بہرام کے جسم میں تھرتھری پڑ گئی۔ اور
ان کی کرم گستری اور سخاوت کے شہرے
سے سمندر اور کان بہت ہی شرمندہ ہو گئے
اس لیے کہ ان کے برابر ان کا ایثار نہ تھا

خورشید طالع
(۱۲۳۰ ہجری)

ان کی ولادت باسعادت کی تاریخ کا لطیفہ ہے
اور اقبال و دولت دونوں ان کی علامت
کے ادراک پر فخر کرتے ہیں۔

ان کی تلوار کا جوہر فتح و ظفر کی آنکھ کی آب
و تاب ہے ان کا تہان سیر ارادۂ قضا
و قدر کی یکدل و یک رائے ہے۔ ان کے
بادپا فیل کی راہ میں فلک کے گھوڑے کی
کمر شکستہ ہے اور آسمان پیما گھوڑے کے
قدم سے وہم کا گھوڑا خستہ ؛

صفحہ (۱۴)

طاب اللہ ثراہ وجعل الجنۃ مثواہ

ثریٰ - خاک نمناک زیر زمیں۔
مثویٰ - جائے قرار و آرام۔
ان کی خاک کو اللہ پاک کرے اور ان کا
جائے آرام جنت کرے۔

وسادہ - مسند۔

مواجب - تنخواہ۔ جمع موجب

قاصے (الخ) وہ قد کہ بند بند اس
کا نرکل کی طرح قابلیت کے مغز سے خالی
تھا۔ اپنے تربیت کے ساز و سامان سے
مناصب کے ساز کے لائق کر دیا۔ اور
وہ سر کہ طنبورے کے کاسے کی طرح مادۂ
استعداد سے خالی تہا۔ گردن فرازی کے
اسباب سے اس کو زہرۂ مشتری کے

نمبر ۱۵

ہمدوش کرکے بلند مرتبوں پر پہنچا دیا۔

امثال ۔ ہمسران۔

اقران ۔ ہمسران

بزالنست ۔ نقطہ غلط ہے۔ برانست بنائیے۔

حرف زدن راہ نمی برند ۔

بول نہیں سکتے ہیں۔

عاری ۔ برہنہ

مضطر ۔ ضرر رسیدہ۔ بے اختیار۔ بیچارہ

ایل ۔ وہ گروہ۔ جو کنجڑوں کی طرح

پہاڑ اور دروں میں بسر کرتا ہے۔

ترکی میں نام سال ہے۔

اُلوس ۔ با ضم۔ قبیلہ۔ اور گروہ ترک

کسبہ بازار ۔ بازار کے پیشہ ور

اہل حرفت۔

بلغا ۔ بلیغ کی جمع۔

علما ۔ جمع عالم۔

فضلا ۔ جمع فاضل

اُدبا جمع ادیب

اُطبا ۔ جمع طبیب جسمانی علاج کرنیوالا

کُتاب ۔ کاتب کی جمع۔ لکھنے والا

حُجاب ۔ حاجب واحد۔ دربان۔ ایلچی

پیش خدمت ۔ خدمتگار۔

حلاج ۔ دھنیا۔

نسّاج ۔ کپڑا بننے والا۔

سرّاج ۔ زین بنانے والا۔ اور

اس کا بیچنے والا۔

(۱۵)

فلّاح ۔ کاشتکار۔

سلّاخ ۔ پوست کن۔

طبّاخ ۔ باورچی۔

زہاد ۔ زاہد کی جمع

فساد غلط ہے فصاد بنائیے۔ فصد

کھولنے والا۔

سِمسار ۔ دلّال۔ اور وہ دکاندار

جو سِئے ہوئے کپڑے اسلحہ

کمخواب۔ مخمل۔ اطلس۔ سمور

فروخت کرتا ہو۔

تمار ۔ خرما فروش

عطار ۔ دوا فروش۔ اور زعفران مشک

وعنبر اور جونک بیچنے والا۔

طرّار ۔ چور۔ گرہ کٹ۔ آدم تیز زبان۔

خمّار ۔ مے فروش۔ مے ساز۔

خراز ۔ بساطی۔ مومی موتی۔ شیشہ

موتی بیچنے والا۔

خبّاز ۔ نان پز۔

سرباز ۔ سپاہی۔

کنّاس خاکروب
حلّاس پالان دوز
سالوس خوش گو۔ چرب زبان۔ فریب دینے والا۔
قلّاش مفلس۔ بے نام و ننگ۔
فرّاش فرش بچھانیوالا۔ چوبدار
نبّاش کفن دزد
مُرتاض ریاضت کرنے والا۔
شمّاع موم اور چربی کی شمع بنانیوالا
طمّاع بڑا لالچی۔
صبّاغ رنگ رز۔
دبّاغ چمڑے کی پیراستگی کرنے والا۔
صحّاف جلد ساز۔
صرّاف روپیہ اشرفی وغیرہ کا لین دین کرنے والا۔
علّاف کاہ فروش۔ بھوسہ بیچنے والا
دقّاق قصارہ۔ کندے کرنیوالا۔
حلّاق۔ حجّام۔ نائی۔
حکّاک نگین ساز۔ مہرکن
دلّاک سرتراش۔ حجام
جمّال شتربان۔
بقّال۔ زمانہ بہار میں دودھ بالائی بیچتا ہے۔ اور ہمیشہ دہی۔ پنیر۔ شیرہ۔ انگور کی
اب۔ مونگ۔ چاول۔ لوبیا۔ باقلا کھڑی مسور۔ چربی۔ شہد۔ تازہ میوے ذخیرے والے میوے۔ بادام۔ پستہ فندق۔ انجوجک۔ منقے۔ کشمش۔ خوبانی۔ زرد آلو۔ وغیرہ بیچتا ہے۔
خیّام۔ خیمہ دوز
حجّام۔ پچھنے لگانے والا۔
جاشو۔ جہاز کا دھونے والا۔ جہاز ور آرند رسے دھویا جاتا ہے۔ اور ملّاح۔
سوقی۔ بازاری آدمی۔ اور پھیری والا دوکان دار۔
کولی۔ رنڈی۔ گاتی۔ ناچتی۔ اور متعہ کرتی ہے۔
لولی رنڈی۔
لوطی۔ بندر اور ریچھ والا۔ بھانڈ۔ مسخرہ۔ قلندر
بوقی۔ بوق بجانے والا۔ بگلچی۔
تدبر۔ انجام کار پر غور کرنا۔
متداول۔ مروج
بنیان کاخ سخنوری از بیخ ریشہ بر انداز ند۔ سخنوری کے محل کی بنیاد کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتے ہیں
شاھد۔ معشوق۔

معرا - برہنہ
قتیل - شاعر کا تخلص ہے۔
منثور - پراگندہ - ضدِ منظوم
لازم - ضد متعدی - وہ فعل جو فاعل پر تمام ہو۔
متعدی - حد سے تجاوز کرنے والا۔ وہ فعل جو مفعول کو چاہے
صرف - علم کا نام ہے - تم اسے جانتے ہو
در غیر ما وضع لہ - معنی وضعی کے برخلاف ہیں۔
غریب - عجیب - نادر - مسافر۔
خلط - آمیختن۔
خبط - جنون
مسترشدین - راست روی چاہنے والا

صفحہ (۱۶)

تسوید - سیاہ کرنا یعنی لکھنا۔
فقرات بری از استعارہ ماہ پروین
ایسے فقرے جو ماہ پروین کے استعارے سے بری ہوں - یعنی صاف اور سادی عبارت۔
اخلا - دوستان صادق خلیل کی جمع ہے
روزنامچہ - ڈائری جس میں روزانہ کے حالات لکھے جائیں - یا حساب۔

(۱۶)

صفحہ ۱۷ کے اشعار کے حل چھوڑتا ہوں - مجھ کو امید ہے کہ تم خود سمجھ لوگے - شادمان

صفحہ (۱۸)

عجالہ - وہ چیز جو جلدی لائے جائے یعنی یہ رسالہ میں نے بہت جلد ہی تیار کیا ہے۔
الانسان مرکب - (الخ)
انسان سہو اور خطا اور نسیان سے مرکب ہے
نہ معلوم کس کا مقولہ ہے - صحیح نہیں۔
مداد - سیاہی دوات -
واللہ موفق وعلیہ التکلان
اللہ توفیق دینے والا ہے اور اسی پر پورا بھروسہ ہے۔
تکلان - بالضم - اعتماد - توکل
ثغور - واحد - ثغر - ایسی سرحد کو کہتے ہیں جو کافر و مسلمان کے ملک کے درمیان واقع ہو۔
عراق عجم - عراق دو ہیں عراق عرب - عراق عجم - لغت میں عراق کے معنی دریا کے کنارے کے ہیں۔
چونکہ یہ دونوں دریا کے کنارے

واقع ہوئے ہیں۔ اس لئے اس نام سے موسوم ہوئے۔

مازندران۔ مقام ہے۔ ان تمام شہروں کا پتہ ایران کے نقشہ سے لگانا چاہیئے

خوزستان۔ فارس کا ایک صوبہ ہے شوشتر اس کے مشہور شہروں میں سے ہے خوز کے معنی گنے کے ہیں اس مقام پر شکر تیار ہوتی ہے۔ اس لئے اس کا یہ نام ہوا

گرمسیر۔ گرم ممالک۔ یعنی ایسی مقامات جہاں برف نہ پڑتی ہو۔

سردسیر۔ اس کا عکس۔ یعنی جہاں برف گرتی ہو۔

فارس۔ اسے بھی ایک صوبہ سمجھنا چاہیئے۔ مشہور شہر اس کے شیراز۔ بہبہان کازرون وغیرہ ہیں۔ اور بعض بنادر۔

طبرستان۔ ایران کی ایک ولایت۔ رشت۔ گیلان۔ وغیرہ اس کے شہر ہیں۔

آذربائجان۔ ایک بڑا اور مشہور صوبہ ہے۔ اس کا پایہ تخت تبریز ہے زنجان۔ رومیہ۔ خوی۔ ایروان۔ اردبیل۔ بادکوبہ۔ دربند۔ گنجہ۔ شکی۔ قبہ۔ شماخیل۔ شروان۔ داغستان۔ نخجوان۔ سالیان۔ سلماس۔ شیشہ۔ تفلس۔ ارمن۔ تاوات۔ اس کے مشہور مقامات ہیں۔ اب کسی قدر نقشہ بدلا ہوا ہے۔

گیلان۔ مشہور مقام ہے۔ حوالی مازندران۔

ملحقات چاردوری باشد = اس کے چاروں طرف کے ملحقات ہیں

بازار مسقف۔ ایسا بازار جس کی چھت پٹی ہو۔

چارسو۔ چوپڑ کا بازار۔ چوک۔ چوراہہ یہ بات یاد رکھنے کی ہے۔ کہ اس مقام پر ایک گنبد بناتے ہیں۔ جس کے نیچے چار درجے ہوتے ہیں۔ ایک کوتوال کے لئے باقی سپاہیوں اور عملے کے لئے اسی میں مجرمین کے لئے تہ خانہ ہوتا ہے۔

کاروان سرا۔ ایسی سرا جس میں مسافر قیام کرتے ہیں۔

رباط۔ وہ کارواں سرا جو صحرا میں ہو یہاں قافلہ آکر ٹھہرتا ہے۔ اور چل دیتا ہے۔

تکیہ۔ امام باڑہ۔ حسینیہ بھی کہتے ہیں

ہیں - بالین - اور فقرا کی جائے سکونت -

تکیہ بست - محرم کے زمانہ میں امام باڑہ کی آرائش کی -

تکیہ نہاد - سرہانے تکیہ رکھا - یا تکیہ پر پشت -

صفحہ (۱۹) **آب انبار** - پانی کا خزانہ یعنی پانی جمع رکھنے کا پٹا ہوا خزانہ -

ایک پختہ مگر بڑا اور گہرا حوض بنایا جاتا ہے - جو مسقف ہوتا ہے - آمد و رفت کے لئے زینہ بھی ہوتا ہے - اس حوض میں نہر یا مینہ کا پانی جمع کیا ہوا بھرا رہتا ہے - اور روزانہ کام میں لایا جاتا ہے -

کافر قلعہ - مقام کا بھی نام ہے - اور قلعہ کا بھی - ہرات و طوس کے درمیان ہے یہاں ایرانی سرحد ہے -

مشہد - اس مقام پر حضرت علی موسیٰ رضا کا مزار ہے - اس لئے اسکو مشہد مقدس کہتے ہیں - شہر کا بھی یہی نام ہو گیا طوس میں واقع ہے -

ہرات - مشہور مقام ہے - ہری بھی کہتے ہیں - بعض کہتے ہیں - کہ "ہری" کے معنی "گنج ریختن" کے ہیں - چوں کہ اس کی تعمیر میں زیادہ روپیہ صرف ہوا اس لئے یہ نام ہوا

خانقیہ - نون ساکن ہے - اور قاف کو زبر ہے - یہ مقام - کرمان شاہ - اور بغداد کے درمیان واقع ہے - یہاں ندی بھی ہے - جس پر پل بندھا ہوا ہے - کاروانسرا بھی ہے - کبھی روم اور ایران کی سرحد تھا -

صفحہ (۱۹)

ذہاب - گزرنا - جانا[1]

رودخانہ - بہتے پانی کا شیریں دریا -

رودخانہ دستی - نہر - جیسے نہر گنگ -

نامش خاطرم نیست - مجھے اس کا نام یاد نہیں -

دریائے کاسپین - کاتب اس کو رکابین لکھ گئے ہیں - کتاب کو صحیح کر لیجئے - بحیرہ کاسپین - جسے بحیرۂ خضر بھی کہتے ہیں -

لنگران - سالیان - دونوں مقام ہیں -

ارزنہ روم - رومی سرحد کا ایک مشہور شہر ہے -

دہنہ - ناکا -

قلعہ شبشہ - شبشہ مقام ہے -

گرجستان - ملک جارجیا - یہاں کا رہنے والا گرجی -

[1] لے یہاں زبر (۱) سے ادا ہو وہ مقام ہے

بدستِ روس افتادہ
روس کے قبضہ میں چلا گیا۔

حلّہ ۔ بالکسر۔ عراق عرب کا ایک شہر
کرکوک ۔ یہ بھی عراق عرب کا
ایک شہر ہے۔
دریائے عمان ۔ بحیرۂ عمان
خارک ۔ فارس کا جزیرہ ہے۔
راس الجمہ } دونوں مقام ہیں
دریّہ ....
سرخود ۔ خودسر۔ خودمختار۔

{پوشیدہ نماند کہ سی لیکر خارج گردیدتک کا ترجمہ}

واضح ہو کہ ملک ایران کی سرحدیں پادشاہوں
کے ہر طبقہ کے عہد حکومت میں مختلف رہیں
ان کی حالت یکساں قائم نہیں رہی
عراق عجم وسطی ملک ہے اور خراسان
مازندران ۔ خوزستان ۔ گرمسیرات ۔ فارس
بنادر ۔ طبرستان ۔ آذربائجان ۔ گیلان
یہ اس کے چاروں طرف کے ملحقات ہیں۔
ہر ایک آبادی میں بڑے چھوٹے
شہر اور گاؤں بکثرت ہیں ۔ جس میں پٹے
ہوئے بازار ۔ چوک ۔ کاروان سرا

صحرائی کاروان سرا حمام ۔ مسجد ۔ مدرسہ
امام باڑہ ۔ پٹے ہوئے پانی کے خزانے
تعمیر کیے گئے ہیں۔
اس وقت اس کا طول سرحد افغانستان
کی طرف کافر قلعہ سے مابین مشہد و ہرات
ہر طرف ۶ منزل اور مشہد مقدس سے
طہران تک ۲۷ منزل ۔ اس مقام سے
کرمان شاہان تک ۱۲ منزل ۔ اور اس
شہر مذکور سے خانقیہ عرب و عجم اور پل ذہاب
تک ۶ منزل (یہ پل دریا پر بندھا ہوا ہے۔
اسوقت مجھے نام یاد نہیں) یہاں سے
اسی قدر فاصلہ بغداد تک ہے۔
ایک طرف کے عرض میں گیلان (جو
کاسپین سے ۔ یعنی بحیرۂ خضر کے کنارے
ہے) اور **لنکران ۔ سالیان** اور ایک
جانب ارزنۃ الروم ہے۔
مملکت ایران کا ناکہ تبریز سے ۶
منزل پر ہے وہاں سے زنجان تک آٹھ
منزل ۔ اور قزوین بارہ منزل تبریز سے
دارالخلافہ ۱۲ منزل ہے ۔ طہران سے اصفہان
تک بارہ منزل اتنا ہی فاصلہ یہاں سے
شیراز تک ہے ۔ یہاں سے بندر بوشہر کی
۸ ۔ ۱۰ منزل ہوگا۔

باقی چہار جانب کی اطراف کی آراضی و
آبادی سلاطین روم - روس - اور احمد شاہ
درانی کی اولاد انگریزوں اور دوسرے
لوگوں کو چلی گئی ہے -

آذربائیجان کی طرف قلعہ شیشہ و نقلیسر
تک ۳۲ منزل - تمام ملک شروان - داغستان
گرجستان - کہ جو دولت ایران کے قبضہ تصرف
میں تھا - یہ سب کا سب روس کے ہاتھ
میں آگیا *

خوزستان کی طرف جدہ - کرکوک - موصل
بغداد و بصرہ (۳۱ منزل) سلطنت روم
کے تحت میں ہوگیا - بنادر اور بحیرہ عمان
کے جزائر کی طرف - خارک - بحرین -
مسقط - راس الخیمہ - دریہ =

پھر بہت سا ملک جو تحت عجم کے ماتحت
اور باج گزار رہا ہے - خود سر اور انگریزوں
سے منسوب - اور دوسروں کے متعلق
ہوگیا -

توران کی طرف بلخ - خوارزم - سرخس
اور گنج کہ جو شاہ ایران کے زیر نگین تھے
یہ سب ہاتھ سے جاتے رہے -

خراسان کی طرف ہرات - قندہار -
اور کابل کا آدھا راستہ - سیستان بلکہ
جلال آباد تک اور دریائے سندھ بھی
کہ عجم کی سرحد میں شمار ہوتا تھا یہ سب
نکل گیا -

تحویل - داخل ہونا -

برج حمل - بارہ برج ہیں ان
میں کا پہلا یہ ہے - ترمینڈھے کی سی صورت
ہے - دو سینگ ہیں - سر مغرب کی طرف
ٹانگیں جنوب کی سمت - دم مغرب کی جانب
پشت شمال رخ - جس روز آفتاب اس
برج میں داخل ہوتا ہے - اس روز بہار
کی ابتدا ہوتی ہے - اور نوروز ہوتا ہے

جوزا - برج ہے - ننگ دھڑنگ دو
بچے ہیں - جو پشت کی طرف سے جوڑے
ہوتے ہیں -

صفحہ ۱۴ **کاہو** - یہی سلات کے پتے ہیں -

کاہو خوری رفتیم چند احباب مل کر موسم
بہار میں سامان نشاط لیکر کھیت پر جاتے
ہیں - سرکہ - شیرہ - سکنجبین - وغیرہ بھی ساتھ
ہوتی ہے - وہاں کاہو خرید کر کھاتے ہیں

ریواس } سفید ترکاری ہے - کوئی
ریباس } پاؤ گز کی لمبی - ترش مزہ
ہوتا ہے - شیرہ اور شکر سے کھاتے ہیں -
اس کا رُب اور شربت بھی بنایا جاتا ہے -

خیار - ککڑی
کُنبزہ - بالضم اول - کچا خربزہ - کچرا
آلوچہ - میوہ ہے
آلو بالو - میوہ ہے اسکی صورت فالسہ کی سی ہوتی ہے - سبز ڈنڈی لگی ہوئی مزے میں چاشنی دار
گیلاس - میوہ ہے - گوندنی کے مثل (از لپاچین)
سرطان - برج ہے - اس کی صورت کیکڑے کی سی ہے - جو پانی میں ہوتا ہے
سنبلہ - چھٹا برج ہے - اس کی شکل لڑکی کی سی ہے - سر مغرب و شمال - پیر جنوب مشرق - ہاتھ میں خوشہ اسی مناسبت سے "سنبلہ" نام ہوا -
زرد آلو - میوہ ہے - از قسم شفتالو -
گرجہ - ایک قسم کا آلو بخارہ ہے - سرخ گول - اور چاشنی دار ہوتا ہے - آلو بخارے سے زیادہ بامزہ -
شُلو - شفتالو کی سی شکل کا ایک میوہ -
گرمک - ایک قسم کا گول خربوزہ یہ پہلے پیدا ہوتا ہے اس کے بعد ملیا خربوزہ
ہندوانہ - تربوز
طالبی - ایک قسم کا خربوزہ -

میزان - ترازو کی صورت کا ساتواں برج
قوس - نواں برج ہے -
پائیز - بکسر ہمزہ و یائی معروف - فصل خزان - اور وہ مدت قیام آفتاب ہے برج عقرب و میزان و قوس ہیں -
فواکہ - اس کا واحد فاکہہ ہے - کاف کو زیر - ہ کو زبر - آخر میں تائے فوقانی کہ حالت وقف میں رہے ، ہوگئی -
رسیدہ - پختہ -
خشکیدہ - سوکھے ہوئے -
در ذخیرہ می نہند - یعنی میووں کو کسی محفوظ مقام میں لاکر رکھتے ہیں -
یخ بست حوض و دریا - حوض و دریا کا پانی سردی کی وجہ سے جم جاتا ہے - اور برف ہو جاتا ہے - یہی جما ہوا پانی "یخ بست" ہے -
نیسان می بارد - نیساں رومیوں کا ساتواں مہینہ ہے - اس زمانہ میں آفتاب برج حمل میں ہوتا ہے - کہا جاتا ہے - کہ اسوقت کی بارش سے سیپی میں موتی پیدا ہوتے ہیں - مجازاً نیساں کا اطلاق اس بارش پر ہوتا ہے -

سوزن بالا آمد - گیہوں اور جَو کی
نوک - یعنی اکھوے نکلے ہوئے۔
ہر قدر برف آب می شود۔
بہ خاک فرو می رود زیادتی
جاری شدہ بہ رودخانہ می پیوندد
جس قدر برف گھل جاتی ہے۔ زمین میں جذب
ہو جاتی ہے۔ باقی جس قدر زیادہ پانی
ہوتا ہے وہ بہہ کر دریا میں مل جاتا ہے
آب شدن - گھل جانا۔ شرمندہ
ہونا۔ سونے چاندی کا چرخ کھانا۔ شمع
کا بہہ جانا۔
زغال - کوئلہ۔
صفحہ (۱۲) بادزن - پنکھا۔ (صفحہ ۱۲)
کُنار - بالضم - بیر۔
بکلی ہیچ جا نیست - بالکل
کہیں جگہ نہیں۔
پاے گوشت - ترکاری
پاے گوشت انداخت - گوشت میں
ترکاری ڈالی۔
آلو - اب ایران میں ہوتا ہے۔ اب
اس کو سیب زمینی کہتے ہیں۔
گزر - گاجر۔

زردک - یہی گاجر ہے - مگر یہ زرد
رنگ کی ہوتی ہے۔
خیلی بزرگ بقدر ہندوانہ
بہت بڑی۔ جیسے تربوز۔
ترب - مولی۔
بادنجان درشت - بڑے بینگن۔
بامیان - بھنڈی
دراز - لمبا۔
مدور - گول
خیار چنبر ککڑی
بالنگو کھیرا۔ بالنگ - اور
بادرنگ بھی آیا ہے - اور ترنج کو بھی کہتے ہیں
کلم - کرم کلا
موسیر - لہسن کی گٹھی۔
بعضی را خام مثل زردک
می خورند۔ بعض کو کچا۔ مثل گاجر
کے کھاتے ہیں۔
شہری - شہر کا رہنے والا
سکنہ بلدہ بزرگ و کوچک
بڑے اور چھوٹے شہر کے ساکن۔
دہاقین - دہقان کی جمع - کسان
گاؤں کا رہنے والا
دہ نشین - ساکن دہ۔

چلپنہ - بالکسر - دیوار کا ردہ -
خشت خام - کچی اینٹ -
آجُر - بضم جیم - پکی اینٹ -
دور آبادی حود - اپنی آبادی
کے گرداگرد -
خاکریز - خندق - دمدمہ - پشتہ
شیر حاجی - قلعہ کے دروازہ پر
جو گھونگھٹ کی دیوار ہوتی ہے - اسکو
شیر حاجی کہتے ہیں -
تفنگ چی - سپاہی جن کے پاس
بندوق ہو -
شخم - بروزن تخم - جوتنا - اور جوتی
ہوئی زمین - شخم کردن - زمین کو جوتنا
شیار - زمین کو ہل یا کودال سے کھودنا -
خیش - جوتنا - خیش کردن - ہل جوتنا
مایہ دادہ - پانس دیکر - یا بالفاظ دیگر
کھاد دے کر -
قوت بیفزایند - یعنی زمین کی قوت
زیادہ کرتے ہیں -
عدس درشت - بڑا مسور
صفحہ (۲۲)
زرت - جوار
ارزن - چینا

کافشہ - کڑ
پنبہ دانہ - بنولا
خردل - رائی
سرشف - سرسوں
بیدانجیر - ارنڈ -
قنات - زمین دوز نالی - سو سو
دو دو سو گز کے فاصلہ پر کنوئیں کھودتے
ہیں ایک دوسرے میں دوسرے کنوئیں
میں نالی کے ذریعے سے پانی پہونچاتے
ہیں - اس طرح کھیت یا باغ تک پانی
پہنچا کر سینچتے ہیں یہ نالی پٹی ہوتی ہے
کاریز - کاریز اور قنات ایک چیز
ہے -
سر رسیدن حاصل - کھیتی
کے پک جانے پر -
داس - ہنسیا -
درو کردہ - کاٹ کر
کاہ - بھوسا -
دواب - چوپائے - گائے بیل -
انبار نمایند - ڈھیر لگاتے ہیں
الاغ - گدھا -
نقد گردانند - نقدی کر لیتے ہیں -
ماکول - کھانے والی چیز -

ابلاست - قبائل -

پلاس - کملی -

رمہ گلّہ

ایلچی - گھوڑ سوار - گھوڑیونکا گلہ

تاتر - خچر

پشم آہنا فیچی کردہ - ان کے بالوں کو کاٹ کر۔

قیاطمہ بالوں کی بٹی ہوئی سُتلی اسی سے جوال اور پالان سیتے ہیں۔ رسی بھی بناتے ہیں

جوال - پشم کی سُتلی کا تھیلا۔

جوراب - جراب - جوراب شیر وشکر بادامی اور سفید سوت کی بنی ہوئی جراب۔

کرک بالضم - اس پشم کو کہتے ہیں جو بکرے کے بالوں کی جڑ میں باریک یا ریک رد یاں ہوتا ہے - اس سے شال - جامہ دار - لوئی - اور دُھسّا بناتے ہیں -

سوا انمودہ - علیحدہ کرکے - چھانکر۔

یاپونجی / یاپونجہ - بارانی لبادہ - جس کا گھنڈی تکمہ شانے پر ہوتا ہے -

شالکی - لوئی -

پنیر - مشہور ہے - دہی کو کپڑے میں رکھکر لٹکا دیتے ہیں - اس کا پانی ٹپک جاتا ہی - پھر اسکو سکھا لیتے ہیں - یہ پنیر ہی - لکھنؤ میں بہت بکتا ہے

ماست - دہی

کشک - خشک پنیر - قروت -

قرہ قروت - قروت - چھاچھ کو جوش دیکر اور اس کو جما کر سکھاتے ہیں اور بروقت ضرورت گرم پانی میں ڈال کر دہی کر لیتے ہیں - قرہ قروت - اسکا پکا ہوا پانی ہے - جو ترش ہوتا ہے -

کلیجہ - ایک قسم کا نیم استین کرتہ - اس میں پردہ اور بالا بر نہیں ہوتا - زانو تک کا لمبا ہوتا ہے - اُمرا - سمور سنجاب - اور غربا دنبے کی کھال لگاتے ہیں -

پوستین - دُنبے کے پوست کا لبادہ۔

دباغی کردہ - اس پوست کی پیراستگی کرکے -

انبان - گوسفند کی کھال کے بال دور کرکے اور پکا کے تھیلا بناتے ہیں - اسکو انبان کہتے ہیں

نسیہ - قرض

دنبہ - گوسفند کی چکتی -

شکنبہ - اوجھڑی -
نعناع - ایک قسم کا پودینہ
گوشت برا (الخ) گوشت کو دنبے کی
چکنی کے ساتھ دیگ میں ڈالکر سُرخ کرتے
ہیں - یعنی قورمہ پکاتے ہیں - پھر ایسی اوجھڑی
میں کہ دہی پودینہ اور نمک ملا ہوتا ہے اسی
قورمہ کو بھر کر اپنے کھانے کے مصرف میں
لاتے ہیں اور سرمایہ روزی اور معاملہ
کرتے ہیں - یعنی بیچتے ہیں -
کرّہ - گھوڑے کا بچھیڑا - اور گدھے
کے بچے کو بھی کہتے ہیں -
پالکش - خچر - گھوڑا - یابو - گدھا
ان سب پر اطلاق ہوسکتا ہے
پول گرفتہ - مول لئے ہوئے زرخرید
سودا نمایند - فروخت کرتے ہیں
صفحہ ۲۳
سردسیر - وہ مقام جو سرد ہوں -
اور وہاں برف گرتی ہو -
علف - چارہ - گھاس -
میان گرمسیرات کوچ کنند -
جاڑے میں گرم مقامات میں کوچ کر جاتے ہیں
قشلاق - ایام سرما میں بسر کرنے کے
گرم مقام - یا قبائل صحرانشین کی موسم سرما
کی چراگاہیں -
ییلاق - پہاڑ کی سرد مقام جہاں فصل موسم
گرما میں بسر کریں - اور خانہ بدوش قبائل
کی موسم گرما کی چراگاہیں -
باہم پیوند دہند - آپس میں شادی
کر دیتے ہیں -
باشہری نیامیزند - شہریوں کے ساتھ
میل جول نہیں رکھتے ہیں - نہیں ملتے ہیں -
رو نگیرند - منہ نہیں چھپاتے ہیں - پردہ
نہیں کرتے -
نفس امّارہ - امّارہ صیغہ مبالغہ ہے -
بہت حکم کرنے والا - سخت حکم کرنے والا -
یعنی نفس بہت حکم کرنے والا -
امر فاحش یہاں مراد زنا سے ہے -
کوچانیدہ - کوچ کرا کر
صحرائی قبائل کے لئے بولا جاتا ہے
جانوروں کے لئے مستعمل نہیں -
ترکمان - ترک کی ایک قوم
ہزارہ - قوم ہے
قزاق - ایک تاتاری قوم ہے جسے
کاسک کہتے ہیں -
تکّہ - قوم ہے
یموت - قوم ہے

گوکلان - توران کا قبیلہ ترک -
اُدبیاق - نام قبیلہ ترکمانان
قجر - قوم ہے
تاجیک زادہ - تاجیک - وہ اولاد
عرب جو عجم میں تربیت پلی ہو -
از ولد خودعجم - اور خود عجم کی اولاد
بختیاری - قوم ایلیات کو ہی جو اصفہان
کے حوالی میں ساکن ہیں -
قبلی - نام قبیلہ - جو شیراز کے اطراف
میں ساکن ہے
زند - نام قوم کرد - کرد مشہور قوم
گرمسنی - قوم ہے -
شاہسون - اہل صحرائی ہیں - سیاہ خیمہ
کمل کے باشندے ہیں -
کلہر - قوم ایلیات کرد -
قرعی - قرئی بھی ہے - قبیلہ اہل خراسان
جو اطراف کلات کے ساکن ہیں -
جمشیدی
ایلخانی } دونوں قومیں ہیں -
سر وعدہ معین - وعدہ مقرر پر
این قدر سوار (۶٫) اتنے سوار اور
اتنے پیادے فوج کی نوکری کے واسطے

پادشاہ کو دیں گے -
کلانتر - میر محلہ - پدہان -
ریش سفید - چودہری - میر محلہ
قبیلہ کا بڑا بوڑہا - شہر اور گانوں کا بزرگ
نبیرہ کو ہم لکہہ چکے ہیں -
خانوار - گھر - مکان -
اسامی خانوار نشان میدہند
ان کے گھر کے نام و پتہ بتاتے ہیں -
سیاہہ - نوشتہ - فہرست -
در سیاہہ می آیند - درج رجسٹر ہو
جاتے ہیں -
جوان با یراق را عوض بیاید - جوان با سامان کو
اپنے عوض میں لاتے کہ جس کے پاس ہتیار وغیرہ ہوں
سبیل - مونچہ
سبیل کسے چرب کردن - کسی کو
رشوت دینا
نقیب - مہتر - داننده قوم -
مستوفی - میر دفتر - فنانشل کمشنر -
کمک آمد - خواہ جنگ میں - خواہ
اور کسی کام میں -
محصل شاہی - پادشاہی سزاول
گرفتہ می آرد - پکڑ کر لاتا ہے
در می روند - بہاگ جاتے ہیں -

باگرمی آیند۔ پھر گرفتار ہو کر آتے ہیں۔
بسیاست میرسند۔ اپنے کیفرِ کردار
کو پہنچتے ہیں۔ سزایاب ہوتے ہیں۔
قاذورات۔ پانس۔ کھاد۔
خشکبار۔ پانس۔ خشکبار انداخت
پانس ڈالی۔ خشک بار خشک میوے کو
بھی کہتے ہیں۔ جیسے پستہ۔ اخروٹ منقے
بادام وغیرہ۔
طرح چمن وخیابان ریختہ
چمن وخیابان کی بنیاد ڈال کر۔
چمن۔ تختہ گلزار
خیابان۔ پارک۔ تختہ چمن۔ قطار
اشجار۔ جیسے سرو۔ صنوبر۔ چنار۔ عرعر
اور وہ سڑک جس کے دونوں طرف درخت
ہوں اور اگر درختوں کی قطار نہو تو اُسے
کوچہ کہینگے۔ اور گلی کو۔ پس کوچہ۔ یہ فرق
یاد رکھو۔ یہ تمہاری زبان دانی کے
کام آئیں گی۔
پیوند شاخ۔ شاخ کی قلم لگانا۔
اصلاح تہ غانہ۔ نیچے کی مٹی کی درستی
پہین۔ پ کو زبر ہ کو زیر۔ گھوڑے
کی لید۔

از قسم دیگر سے لیکر ثمر می کا آوردہ تک ترجمہ کیا جاتا ہے

یعنی دوسری قسم کے وہ لوگ ہیں۔ جو
گاؤں اور شہر سے مشترک ہیں۔ گوشہ
آل برامکہ ۔ "برامکہ" "برمک" کی جمع ہے ۔ یہ ایک آتش پرست تھا ۔ بلخ میں (نوبہار) آتش خانہ کی خدمت انجام دیتا تھا ۔ اور وہاں بہت معزز تھا ۔

رشیدی لکھتے ہیں کہ یہ شخص آخر میں مسلمان ہوگیا ۔ اور بنی امیّہ کی دار الملک دمشق میں مع اہل و عیال چلا آیا ۔ اس کا بیٹا "خالد" ابی العباس سفاح عباسی کا وزیر ہوا ۔ اس کے بعد اس کا بیٹا "یحییٰ" ۔

اس کے بعد "فضل" بن یحییٰ ۔ اس کے بعد "جعفر" بن یحییٰ ہارون رشید کا وزیر ہوا ۔ یہ شخص بہت سخی تھا ۔ اسی پر دولت برامکہ ختم ہوئی ۔

خانخانان ہند ۔ عبدالرحیم خان خانان ۔ بیرام خاں کے بیٹے ۔ اکبر شاہ کے گورنر نہایت سخی اور بہادر تھے ۔

خدعہ ۔ مکر

لولو ۔ موتی

مرجان ۔ مونگا

وزر ۔ گناہ ۔ بار گران ۔

درجرگۂ قارون ۔ قارون کے گروہ میں ۔ یعنی بخیلوں کے زمرہ میں

وعید ۔ وعدہ بد ۔

وَالَّذِینَ یَکْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُونَهَا فِی سَبِیلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیمٍ (ترجمہ) "اور جو لوگ سونا چاندی جمع کرتے ہیں ۔ اور اس کو راہ خدا میں خرچ نہیں کرتے تو اُن کو تم دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو ۔"

یہ آیت دسویں پارے ۔ سورہ توبہ میں واقع ہے ۔

گوش و ہوش دست

"ہوش ۔ دست" کے آگے ایک (و) اور بنا دیجئے ۔

مواثیق ۔ میثاق کی جمع ۔

عہد و پیمان استواری۔

باھر ۔ روشن۔

قحبہ و فرمساق بہرہ یابند رنڈی۔ بھڑوے رقمیں پاتے ہیں۔

صفحہ ۱۶۹

چو ابر بہار ۔ کاتب نے "جو" لکھدیا ہے۔

یا خدا بر آمدہ۔ کلام ربانی زانشاہد منع آورند ۔ یعنی بخشش کے موقعہ پر بڑے باخدا بن کر قرآن سے شاہد منع لاتے ہیں۔ اور زہد و تقوے کے خزانے سے "لا تسرفو و لا تبذر" (تم کو اسراف نہ کرو۔ اور بے جا نہ اوڑاؤ) کی مہر جیب خاص کی تھیلی پر لگاتے ہیں **ولا تبذر تبذیرا** (اور نہ بے جا اوڑا) یہ آیت کا ٹکڑا۔ پندرھویں پارے سورہ بنی اسرائیل۔ میں ہے اور **ولا تسرفوا** ۔ آٹھویں پارہ سورہ اعراف میں۔

اعانت اہل توقع الخ اور اہل توقع کی اعانت کو (جو سادات و مومنین و شعرا سے ہوتے ہیں)

ولا تجعل یدک مغلولۃ الیٰ عنقک ولا تبسطھا کل البسط فتقعد ملوما محسورا ۱ط (ترجمہ) اور نہ تو پورے کنجوس ہی بن جاؤ۔ اور نہ بڑے فضول خرچ کہ پھر خالی ہات پشیمان بیٹھے رہو۔ اس آیت کے صیغہ میں شمار کرتے ہیں۔ پندرھویں پارے۔ سورہ بنی اسرائیل میں یہ آیت واقع ہے۔

ان المبذرین کانوا اخوان الشیٰطین بالتحقیق۔ بے جا اُڑانے والے شیطانوں کے بھائی ہیں۔ (پارہ ۱۵۔ سورہ۔ بنی اسرائیل)

بلادت ۔ کند ذہنی۔

رم نمایند ۔ بھاگتے ہیں یعنی اشرف انبیاء کے اس فعل پر کہ شعراء کو صلہ میں اتنے اتنے اونٹ دیدیتے۔ بھاگتے ہیں۔

واجتنبوا قول الزور پرہیز کرو۔ جھوٹ بولنے سے۔ یا لہو و لعب کی باتوں سے اجتناب کرو

صفحہ

یعنی اس آیت کو بخشش کی ممانعت میں پیش کرتے ہیں۔

یہ آیت پارۂ ۱۷۔ سورہ حج میں ہے۔

قطار فرمایند۔ پیش کرتے ہیں۔

اطوار ناہنجار شان بدان مانند (الخ) ان لوگوں کے بُرے طریقے اس قصہ کے مشابہ ہیں کہ:-

ایک نماز نہ پڑھنے والے کو ملامت کی۔ کیوں جی! تم نماز کیوں نہیں پڑھتے! اُس نے جواب دیا کہ میاں ہم تو قرآن پر عمل کرتے ہیں۔ نماز کیوں کر پڑھیں؟ خدا نے تو کھلے الفاظ میں فرما دیا:-

"لا تقربوا الصلوٰۃ"

(نماز کے تو قریب بھی نہ پھٹکو)

یہ سن کر لوگوں نے اور بُرا بھلا کہنا شروع کیا۔ کہ "او بے ڈھنگے! اس کے آگے کا تو جملہ پڑا ہوتا! **وانتم سکاریٰ** آگیا ہے۔ یعنی ایسے حال میں جب کہ تم نشہ میں ہو۔

کہنے لگا کہ خدا کی بندگی و طاعت میں اس کے ایک کلمے پر بھی عمل کرنا بہت غنیمت ہے۔

دیگر از مناقب سلاطین و امرائے جاہلین الخ۔ دوسرے سلاطین۔ اور جاہل امراء کے مناقب میں سے (کہ جن کے ظاہر و باطن مثل دو لخت مطلع کے ہیں) یہ ہے۔ کہ ان لوگوں نے شتر مرغ کی سی خاصیت پیدا کر لی ہے۔ کہ اگر اُس سے کہا جاتا ہے۔ کہ تو اُڑتا کیوں نہیں تو وہ کہتا ہے۔ کہ کہیں اونٹ بھی اُڑتا ہے؟ یہ سن کر اور زیادہ ملامت کی۔ کہ اچھا اگر ایسا ہے۔ تو بوجھ اُٹھا۔ اُس نے کہا۔ واہ!! کہیں پرند بھی بوجھ اُٹھایا کرتا ہے! آج تک کسی نے ایسا دیکھا۔ یا سنا ہے۔

شماتت۔ کسی کی خرابی پر ہنسنا خوش ہونا۔

نادرست۔ غلط

مطلع دو لخت۔ ایسا مطلع کہ جس کے دونوں مصرعوں میں مضمون علیحدہ علیحدہ ہوں۔ باہم مربوط نہ ہوں۔

شناعت ۔ ملامت ۔

حمالی ۔ بوجھ اٹھانا ۔

ربقہ ۔ حلقہ رسن ۔

حبل المتین ۔ مضبوط رسی ۔

ارتکاب ۔ مرتکب ہونا ۔

سخط ۔ خشم وغضب ۔

صفحہ (۱۷۰)

الناس علی دین ملوکهم (لوگ)(?) اپنے پادشاہوں کے دین پر ہیں ۔

گورنر ۔ حاکم صوبہ

کمشنر ۔ ضلع کا حاکم

بربر گرداہندہ ۔ ایک بر کاتب کی زیادتی ہے اسکو کاٹ دیجئے ۔

حفظ طریقہ اسلاف الخ اگلوں کے طریقہ کے حفاظت سرمایہ پروا (غور زی)(?) پس ماندگان ہے ۔

استخفاف ۔ سبکی ۔ حقارت

ترک اولیٰ ۔ بہتر شے کا ترک ۔

تاوان ۔ زر نقصان یعنی کوئی چیز کسی کے ہاتھ سے تلف ہو ۔ اوس شے کی قیمت کم یا زدہ لینا ۔

خسارت ۔ زیان ۔

مفرط ۔ زیادہ ۔ بہت ۔

از صف نعال براند ۔ آخری صف سے بھی نکال دیتے ہیں جوتیوں کے پاس بھی نہیں بیٹھنے دیتے ۔

صفحہ ۱۷۱

بَنین ، **بُنون** ۔ دونوں بالفتحہ ۔ لڑکے ۔

بدو ۔ ابتدا

نجبا ۔ نجیب کی جمع ۔

طرف بستن ۔ فائدہ اٹھانا ۔

ملکہ راسخہ ۔ وہ عمل جو ذہن میں راسخ ہوگیا ہو اور بغیر فکر نکلے ۔

حیا ، **شرم** ، **علم** ، **حلم** ۔ ان سب کی تعریفیں اخلاق ناصری میں تمہارے پڑھنے میں آئیں گی ۔

از پشت کردن ۔ بھاگ کھڑے ہونے سے ۔

محرمات شرعی ۔ وہ چیزیں جن کو شریعت نے حرام کیا ہو ۔

تا دست رس نیک نمایند ۔ بروں کاموں کو حتی المقدور عمدہ ظاہر کرتے ہیں ۔ کاتب نے رسن غلط لکھا ہے ۔

نمام ۔ سخن چین ۔ غماز ۔
چغلخور ۔

مرتشی ۔ رشوت لینے والا

کفران نعمت ۔ ناسپاسیِ
نعمت

صفحہ ۱۷۲

صفحہ ۱۷۲

آلاف ۔ الف کی جمع ۔ ہزار ۔
تمتع ۔ منفعت گرفتن ۔

ارازل ۔ کو کاتب نے (ذ)
سے غلط لکھدیا ہے ۔ اراذل بنایئے

مرام ۔ مراد ۔ مطلب ۔ اسم ظرف
ہے ۔ روم سے مشتق ۔

ابتذال ۔ بے اعتباری ۔ ناقدری
خواری ۔ دوروئی ۔ نفاق ۔ دورو ۔ منافق

شروع صفحہ سے لے کر
امارت تنزل گرفت تک
کا ترجمہ کئے دیتے ہیں ۔
اگرچہ عبارت سہل ہے

اپنے تھوڑے سے نفع کے واسطے
والی ملک کے ہزارون نقصان
جائز رکھتے ہیں اور جان نثاری ۔
اور بلاگردانی کے دعوے پر اس
کا بہت کچھ مال خورد برد کرکے بیچارہ
کو دنیا اور آخرت کے مہلکوں میں مبتلا
چھوڑ دیتے ہیں ۔

ہر روز بے حیا قرمساقون اور مسخرون
کے نصیب میں نفع اور درجہ پیشکاری
مختاری اراذل انام کے مدار المہام
کے نامزد ہوگیا ۔ بے چارے شریف
بے قدر و قیمت ہوگئے ۔ اور در در
کی ٹھوکریں کھانے لگے ۔ اور سوکھی
روٹی کے لئے حیران ۔ مضطر ۔ اور
بھیک مانگنے کا ٹھیکرا ۔ مقاصد کے
ہاتھ میں لئے رہ گئے ۔ مجبوراً انہون
نے قرین ملال خواری میں ابنائے
زمانہ کے حال و مقال کی پیروی اختیار
کرلی ۔ اور منافقت کے قواعد کے
حصول میں بدسگالون اور گندم نما
جو فروشون کا راستہ چلنے لگے ۔

نتیجہ یہ ہوا کہ واقعی خیرخواہ نوکر اور حقیقی
بافہم راست باز مفقود ہوگئے ۔ اور
عادل پادشاہون کی سیرتین ۔ اور
بڑے خاندانون کے امراء کے عمدہ
قواعد بالکل متروک اور نابود ہوگئے
اس ناستودہ شیوے کی وجہ سے
سلطنت کے خاندان کے خاندان

برباد ہوگئے۔ اور اس ناپسندیدہ
طریقہ کی وجہ سے امارت و وزارت
کے قوم و قبیلہ نے انحطاط اختیار
کیا۔

ناز و اعزاز فروشندہ۔
یعنی محل میں اماں بہینا کے ہونے
کی وجہ سے ناز کرتے ہیں اپنا اعزاز
ظاہر کرتے ہیں کہ اس شخص کی ماں بہن
شاہی محل میں نوکر ہیں۔ داروغہ
ہیں۔ مغلانی ہیں۔

کدخدا و باکرہ۔ بیاہی۔
بن بیاہی۔ کنواری۔

عہدہ جبروت۔ بڑا عہدہ

**و از رنگ پیش آمدن
شان۔** اِن کے کام کی ترقی۔
اور مقصد کے پورے ہونے سے۔

سبل و بروت تابند۔
مونچھوں پر تاؤ دیتے پھرتے ہیں۔

زنان حلیلہ۔ بیوی۔ جورو۔
ایسی عورتیں جو نکاح میں ہوں۔
جلیلہ غلط لکھا ہوا ہے۔

درپردہ ناپرسائی نشانیدہ
یعنی بی بیوں کو ناپرسائی کے
پردے میں بٹھا کر۔

سر بے شام زمین گزارد
یعنی بے چاری بیوی۔ اکیلی رات
کو فاقہ سے پڑی رہتی ہے۔ بے شام
یعنی بغیر رات کے کھانے کے۔

صفحہ ۱۷۳

و درفقر و فاقہ الخ۔ نجیب عورتوں
کو فقر و فاقہ میں زحمت شاقہ کی برداشت
نہ رہی۔

یکی گرانی مہر الخ یعنی ہندوستان
کی خرابی کے وجوہ میں سے ایک یہ ہے
کہ یہاں مہر عورتوں کا بہت زیادہ
باندھا جاتا ہے۔ غربا میں لاکھوں اور
امرا میں کروروں کی تعداد پہونچتی ہے
چنانچہ شوہر اس حق واجب کے
عہدے سے ہرگز نہیں نکل سکتا۔
یعنی یہ مہر ادا نہیں کر سکتا۔

کابین ۔ مہر

لک ہا ۔ لاکھوں۔

**دوم وقوع عیب در
افتراق** ۔ دوسرے ایک عیب
افتراق میں یہ ہے کہ طلاق کی سنت
کی طرف رجوع نہیں کرتے۔ اور

عورتوں کو طلاق نہیں دیتے۔ علماء
امراء۔ غرباء۔ سب نے اس طریقۂ
انبیا کو متروک کر دیا ہے اور ملت
حنیفہ (اسلام) کے اخلاق کے شیوع
سے منہ پھیر کر ہندوستان کے مذہبی
قواعد پر رفتار کر لی۔

سوم اختیار غیر کفو در تزویج۔
تیسرا امر یہ ہے کہ غیر جنس کے ساتھ
شادی کرنا شروع کر دی۔ یعنی مشرکین
کی عورتوں سے۔ اور یہ مسلمان بچوں
کی مائیں ہو کر اپنے کفر کو تھوڑا تھوڑا
رواج دینے لگیں۔ اور ماؤں کی
عادت کی وجہ سے ایسے امور جو خلاف
شرع اور خلاف طریقۂ عجم و عرب تھے
لڑکیوں اور لڑکوں میں پسندیدہ
مزاج ہو گئے۔
یہ عادت کے بعد "امہات"
کا لفظ کاتب سے رہ گیا ہے کتاب
میں بنا لیجئے۔

صفحہ ۱۷۴

فقدان نوکری (الخ)
نوکری کے نہ ہونے نے سب کو
تباہ کر دیا۔ مجبوراً احتیاج کی

کثرت نے عورتوں کی روٹی کو مردار (از قسم
اکل میت) کھا کر مر گئے۔
اکل میت ۔ خوردن میت۔
مردہ کا کھانا۔
پنجم در اقالیم دیگر الخ
پانچویں یہ بات ہے کہ دوسرے
ممالک میں یہ امر نہیں کہ عورتیں سر
اور جسم برہنہ کھلے منہ پھریں۔ اور نوکری
اور دکانداری کریں۔ اور ساز و
غنا و رقص و شب خوابی کے کسب
میں طالب جمال و وصال کو اپنا ہاتھ
دیدینا محال و ممتنع ہے۔
صیغہ ۔ زن متاعی۔
ملاے محافظ پیر و جوان الخ
ایسا ملا کہ جو نوجوانوں اور بڈھوں کا
محافظ ہے اور اُن سے واقف۔ یہ
لوگ عدت کا ضابطہ رکھتے ہیں۔
کہ موافق حلت وا دا ے اجرا اور عقد
مدت کے کسی کا سر دامن اُ د پر رکھتے
ہیں۔
عدت ۔ مطلقہ عورت کے لئے
تین ماہ کا زمانہ۔ اور بیوہ عورت
کے لئے چار ماہ اور ۱۰ روز معین ہیں۔

عقد مدت ۔ متعہ ۔

ہر بدامن مرادمی گزارند
یعنی کسی کو کامیاب ہونے دیتے ہیں ۔

خواہ زوجہ مستغیث شُن الخ
خواہ بیوی دادخواہ ہو کر خلع چاہنے والی ہو

حلت ۔ حلال ہونا ۔

خلع ۔ عورت کا اپنے شوہر سے طلاق چاہنا ۔ شوہر سے علیحدگی چاہنا ۔

مثلاً مرد است الخ ۔ مثلاً ایک مرد ہے جس نے اپنی عمر میں دس نکاحی بی بیوں کو طلقت دیں نے طلاق دی، کہا اور پھر دوسری عورت سے شادی کی ۔ اسی طرح ایک عورت ہے جنے دس شوہروں سے علیحدگی اختیار کی اور گیارہویں کے یہاں آگئی ۔

زندگانی رجال را الخ ۔
یعنی حاکم شریعت وہاں کے آدمیوں کی اس طرح کی زندگانی جائز نہیں رکھتا ۔ کہ کوئی مرد بے عورت کے رہے ۔ مگر بہ ضرورت اور کوئی عورت بے شوہر کے رہے ۔ مگر بہ زمانۂ عدت کہ اس میں مجبوری ہے ۔

عَزَب ۔ مرد بے زن ۔

سیرت ۔ ناموس و بہ معنی عادت و طریقہ ۔

صفحہ ۱۷۵

دیوان نقاص ۔ محکمۂ انصاف
دادرسی کی کچہری ۔
کتاب میں تغاص (غین سے) غلط لکھا ہوا ہے ۔ تقاص بتشدید صاد ازہمدیگر قصاص گرفتن ۔

این کوچہ تنگ و تاریک
تجسس ؟ یہ کہنا یہ لکھنے کے قابل نہیں ہے !

محل عبور بیشتر کسان ۔
یعنی اکثر لوگ اس خلاف فطرت فعل کے مرتکب ہوتے ہیں ۔

خطۂ برگزین عالم ۔ ایران سے مراد ہے ۔

بے عرضہ ۔ بے ہمت ۔ عرصہ بصاد مہملہ صحیح نہیں لکھا ہے

بروے کار آمدن ۔ کام کرنے لگے ۔

تختِ عجم ۔ صحیح ہے ۔
تخت صحیح نہیں ۔

فرنگ ۔ یورپ اور فرانس ۔

انگلستان۔

خذ ما صفا ودع ما کدر۔
صاف اور اچھی چیز کو لو اور تیرہ و
مکدر کو چھوڑ دو۔

انگلیسہ۔ اہل انگلستان

ایشیا۔ براعظم ہے

طوغ۔ یہ لفظ ترکی زبان کا ہے
نشان فوج۔

صفحہ ۱۷۶

نظام آتش خانہ الخ۔ ان
کے توپ خانے کے انتظام نے فرانس
و روس کی ہستی کے محل سے اور دیگر
دشمنوں کے سر سے دہوئیں پار کر دیئے۔

رواے تسلط برد۔
تسلط کا جھنڈا اے گیا۔

گیومرث۔ کہا جاتا ہے کہ
یہ پہلا بادشاہ ہے جس نے ایران
میں بادشاہی کی۔
گیو۔ کے معنی گویا۔ مرت کے
معنی زندہ کے ہیں۔ اور خانِ آرزو
کے نزدیک مَرت بالفتح مبدل مرد
ہے۔ یعنی مرد گویا۔ اور بعض کے
نزدیک یہ معنی پیشوائے زمین ہے۔
گیو بہ معنے زمیں۔ اور مرت بمعنی
سردار۔
گیومرث کو صحیح نہیں سمجھتے۔ اس لئے
کہ ثائے مثلثہ فارسی میں نہیں آتی۔

افریقہ۔ امریکہ۔ دونوں براعظم
ہیں۔ اول۔ دنیائے عتیق میں۔
دوم۔ دنیائے جدید میں۔

پیشدادیان۔ پیشداد کے معنی
عادلِ اول کے ہیں۔ ایران میں سب
سے پہلے پیشداد خاندان نے حکومت
کی جن کی مدت دو ہزار چار سو اکتالیس
سال تک رہی۔ اُن کی تعداد (۱۱)
ہے۔ اُن کے نام یہ ہیں (۱) گیومرث
(۲) ہوشنگ (۳) طہمورث (۴) جمشید
(۵) ضحاک (۶) فریدوں (۷) ایرج
منوچہر (۸) گودرز (۹) افراسیاب
ترک (۱۰) زو (۱۱) گرشاسپ) انکے بعد
کیانیوں نے ۷۳۲ سال تک سلطنت کی جنکے نام
یہ ہیں۔ کیقباد۔ کیکاؤس۔ کیخسرو۔ کیلہراسپ

مدائن۔ بغداد کے قریب ایک شہر جو
نوشیرواں کا پایہ تخت تھا۔

قصر شیریں۔ کرمان شاہ
کے نزدیک ایک شہر ہے۔

سلجوق - نام پدر کلاں پادشاہان سلجوقیہ کہ پہلا ان کا بادشاہ طغرل بیگ بن میکائیل - بن سلجوق -
صفویہ - وہ خاندان جو شاہ "صفی" سے منسوب ہے - شاہ صفی کی تیمور بہت عزت کرتا تھا - شاہ عباس اور طہماسپ اسی خاندان کے ہیں -
کلاہِ قرمز - سرخ رنگ کی ٹوپی -
تدوین - جمع کرنا -
مربی ہنرمندان - خاندان کی صفت ہے
تورع - پرہیزگاری

صفحہ ۱۷۷

تمشیت - جاری کرنا - روان کرنا -
بے حسابی ہا کردہ - ظلم اور زیادہ ستانی کی -
محمود - میرویس کا بیٹا -
ابدالی - قوم ہے -
بارِ وزرو وبال - وبال اور گناہ کا بوجھ -
تفلس - گرجستان کا پایہ تخت -
آن روے آب ارس دریاے ارس کے اس طرف - دریاے ارس آذربائجان میں سرحد ایران پر بہتا ہے -
بخارا - ترکستان کا پایہ تخت ہے -
اعادی - دشمنان -
خوش برش - اچھی کاٹ والی - شمشیر کی صفت ہے -
فتح تاج بخشی کو "فتح و تاج بخشی" بنایئے -
درایت - دانش - عقل -

صفحہ ۱۷۸

جواہر آلات - جواہرات کا سامان -
تخت طاؤس - بہت مشہور ہے - شاہجہان کا تیار کرایا ہوا تھا محمد شاہ نے نادر شاہ کو دیا -
کوہ نور - دریاے نور - دو بڑے ہیرے مشہور ہیں - ان میں سے ایک اب انگلستان میں ہے -
مالا لے نین چین :-

صفحہ ۱۷۷ صفحہ ۱۷۸

مالے کا نام ہے۔ ایسا ہار جو آنکھون کا سکھہ تہا۔

یہ سب ہندی کے الفاظ ہیں۔

جائزہ۔ انعام۔ صلہ۔

صفحہ ۱۷۹

اصناف سوق۔ ہر قسم کے تاجر و پیشہ ور۔

نائب السلطنت

ولی عہد۔

اکابر و اصاغر۔ بڑے۔ چھوٹے۔

سان لشکر۔ ملاحظہ لشکر۔ جائزہ لشکر۔ اور ہو سکتا ہے کہ شان لشکر ہو۔

کہ ہر گاہ الخ۔ کہ جس وقت میرا لڑکا میرے سر کا تاج لینے کا ارادہ کرے۔ تو میں کتنے ہی ہاتھہ پاؤں ہلاؤں گا۔ اور کوشش کروں گا مگر اسکا دفعیہ نہ ہو سکیگا

قشون ملازم خود را الخ

اپنی ملازم فوج کو ہماری افواج میں شامل کرو۔

مواجب را الخ۔ تقسیم کیوقت تنخواہوں کو ہمارے خزانہ سے لے

مسئول۔ کے معنی ہیں:۔ خواستہ شدہ۔

عنف۔ سختی۔ تندی۔ درشتی۔ ناگواری

صفحہ ۱۷۹

جنت گودرز وسام۔

مثل گودرز وسام۔

گودرز۔ ایرانی پہلوان ونام پادشاہ

سام۔ رستم (بن زال) کا دادا

فرامرز۔ رستم بن زال کا بیٹا تہا بہمن بن اسفندیار کے ہاتہہ سے مارا گیا

رستم زال میں اضافت ابنی ہے

خفتان پوش الخ۔ شیر اور پلنگ کی کہال کے چلتے پہنے ہوے۔

دم جان بازی۔ جنگ کے وقت

بالہنگ۔ باگ ڈور

عقد۔ گرہ

بناخن دیگر الطاف پدر نہ کشود۔ باپ کی دوسری مہربانیوں کے ناخن سے یہ گرہ نہیں کہلی۔

پلیس محرم ستر۔ محرم راز

کے سامنے
کتمان۔ راز کا چھپانا اور مطلق چھپانا اور گواہی کا پوشیدہ کرنا۔
اَیمان۔ یمین کی جمع ہے۔ قسم۔
جنگل۔ غلط ہے۔ اس کو "جنگل" بنا لیجئے۔
دمے کہ تفنگ دو لولہ
اس وقت کہ دو نالی بندوق کو پادشاہ کے سینے پر مار رہا تھا ہوا کا تیز جھونکا چلا اور درختوں کے پتوں کو ادھر اُدھر کیا۔ اتفاقی طور پر ایک پتہ اس گولی مارنے والے کی آنکھ کے حائل ہو گیا۔ اور نشانہ خطا ہو گیا۔ شہ سوار (نادر) جس ہاتھ میں کہ گھوڑے کی باگ رکھتا تھا۔ تیر بلا (گولی) نے اُس کے انگوٹھے کو اُڑا دیا۔ اور زمیں پر گرا۔ نادر نے جلدی سے زین کو خالی کر کے خود کو زمین پر گرا کر لوٹ لگانا شروع کر دی بندوق والے نے شکار (نادر) کو تڑپتا دیکھکر یہ سمجھا کہ میری آرزو کا تیر مراد۔ نشانہ پر ٹھیک پہونچ گیا ہے۔
گلہ زن۔ گولی مارنے والا۔
طپیدہ دانست۔ کتاب میں غلط لکھا ہوا ہے۔ آپ اسطرح بنا لیجیے "طپیدہ دیدہ دانست"
جلکہ۔ سبزہ زار۔ مرغزار
صاحب سر پر افلاک
ایسا بادشاہ جو افلاک کے تخت رکھنے والا ہو۔
انگشت را کہنہ پیچیں۔
انگلی پر چیتھڑا لپیٹ کر۔
یک ران جہان نورد
ایسا گھوڑا۔ جو دنیا کا طے کرنے والا ہو۔

صفحہ ۱۸۰

صفحہ۔

اویہ۔ ترکمانوں کا مسکن۔ جو درۂ کوہ اور صحرا میں سیاہ چادریں تان کر بسر کرتے ہیں۔ شاقلان مقام ہے۔
گیر افتاد۔ گرفتار ہوا۔ پکڑا گیا۔
نیک قدم۔ غلام کا

نام ہے۔
مصدر۔ جاے صدور
مومی الیہ۔ اوس کی طرف اشارہ کیا گیا۔
ازائی۔ عوض۔
بہ معرض سیاست درآمد قتل کردیا گیا۔
گشتنم۔ غلط لکھا ہوا ہے گشتنم بنائیے۔

صفحہ ۱۸۱

مباشر۔ فرمان دہ۔
کاکا۔ غلام۔
ہرچند پاے زجر و تہدید درمیان نہاد یعنی ہرچند بہت کچھہ زجر اور سختی کی۔
از ہر دو چشم الخ۔ دونون آنکھوں سے اوسے اندھا کرکے عصاکشی کے لئے چھوڑ دیا۔
سیر کوکبہ سلطانی شد۔ سلطانی کوکبہ کا سیرگاہ ہوا۔
دید قرۃ العین شہریاری ولی عہد کی آنکھہ۔
حدقہ۔ حلقہ چشم۔

طائفہ کور باطن۔ نستی چی باشی کا عمد۔
دست و گریبان شدند۔ شاہزادے کو لپٹنے لگے۔
خم بہ ابرو نہ افگندہ۔ ابرو پر بل نہ آنے دیا۔
آزار نہ کشید۔ تم لوگ تکلیف نہ اٹھاؤ۔

صفحہ ۱۸۱

این سیاست ناروا الخ یہ بے جا سیاست دشمنوں کی آنکھوں کے لئے اوٹھا رکھئے۔
جاے باز داشتن فرمان است۔ حکم کے واپس لینے کا محل ہے۔
پیش روے داور دادگر بردہ گز اشتند۔ بیٹے کی آنکھین نادر کے سامنے لیجا کر رکھدین۔
آن مرات مصیبت۔ اون ہی نکلی ہوئی آنکھوں سے کنایہ ہے۔
بروسادہ ماتم جاگرفت مسند ماتم پر جگہ اختیار کی۔

کاتب سے بردسادہ رہ گیا
آپ کتاب میں بنا لیجئے۔

سرشک باری نمودہ

خوب روے۔ اشکوں کی جھڑی
لگا دی۔

علی الصباح کہ خسرو خاور الخ

وقت صبح کہ آفتاب جامۂ
سرخ شفق پہنے ہوئے خلوتخانۂ
مشرق سے نکلا

صفحہ ۱۸۲

اور چہرۂ عالم افروز کے ساتھ
تخت نیلی سپہر پر جلوہ گر ہو کر زوال
کی تیغ نیام افق سے باہر کھینچی۔
یعنی جس وقت کہ آفتاب
طلوع ہوا تو نادر بہ صورتِ غیظ
وغضب سرخ لباس پہنے ہوئے
نکلا۔ اور تخت پر بیٹھ کر عاجز کشی
کی تلوار انتقام کے لئے برہنہ کی
اور زبان قہر سے کہا کہ
" ایرانیو! درباریو! کیوں تم
نے اس بات کو منظور رکھا۔ کہ
میرا بیٹا اندھا ہو جائے۔ اور تم
بینا رہو؟" درباریوں نے عرض کی

" اعلیٰ حضرت آپ نے تو خود
شفاعت قبول نہیں کی۔ اور سفارش
کرنے والے کی گردن عذاب کی
قینچی کی دھار پر رکھ ہی تو دی"۔
فرمایا " یہ کیا کہتے ہو! اگر تم
سب کے سب اتفاق کر لیتے۔ تو
میں اکیلا کیا کر سکتا تھا! اور جس
وقت کہ تم سب کے سب مانع
آتے تو ان دو تین میر غضب سے
کیا ہو سکتا تھا"۔ یہ کہہ کر تمامی

صفحہ ۲۰

عملۂ سیاست کو حکم دیا۔
تاکہ سر کاٹ لیں۔ اور ایک روایت
کی بنا پر تبریزی سات من کے
وزن کے برابر آنکھیں نکلوالیں
اور اس تنبیہ کو اپنے اعتقاد کے
موافق گویا خفیف سی چشم نمائی
سمجھتا ہوا کھڑا ہوا اور چلا گیا۔

تزاید۔ زیادتی

عشیرہ۔ خاندان۔

صفحہ ۱۸۳

صفحہ ۲۰۳

بدیہی۔ وہ چیز جس کے علم میں
فکر نہ کرنا پڑے۔

حوصلہ تحمل پادشاہی

بنا ئیے۔

کوہ وقارش را رفتار جہلا از جا بردہ ۔ جاہلوں کی رفتار نے اُس کے وقار کے پہاڑ کو جگہ سے ہٹا دیا۔

شلتاق ۔ جُرمانہ۔

شلاق مے زد ۔ کوڑے پھٹکارتا تھا۔

روزے برار یکہ خلافت آمد الخ ۔ ایک روز تخت خلافت پر بیٹھنے کے لیے آیا۔ ایک رقعہ مسند پر ملا۔ اس میں لکھا تھا۔ کہ "تنا در! اگر تو خدا ہے۔ تو ضرورت ہے کہ تیرے بندے ہوں۔

اور اگر رسول ہے۔ تو امت کی ضرورت ہے۔

اور اگر تو بادشاہ ہے۔ تو اس حالت میں لشکر اور رعیت کام میں آتی ہے۔ یہ نفوس کی ہلاکی اور ایل و الوس کی خونباری سے تیرا کیا کام بنے گا۔

من برائی جان شما مجرمان الخ میں تم بدکار مجرموں کی جان کے لئے کردگار جبّار کا قہر و غضب ہوں۔

نائرہ کین ۔ دشمنی اور کینہ کی آگ۔

التہاب ۔ آگ کا شعلہ زن ہونا۔

درون ۔ دل۔

سرکردۂ افاغنہ ۔ افغانیوں کے افسر۔

بساط شکوہ مردم عجم الخ ۔ ایرانیوں کی شکایت کی۔

وناگاہ بے صدا و ندا ۔ اور یکایک بلا وجہ خاموشی کے ساتھ

صفحہ ۱۸۴

دربدا غان کردن ۔ سرگردان اور پریشان کرنا۔ کتاب میں مداغان صحیح نہیں لکھا ہے۔

دیرک ۔ چوب ستون۔

از نظرہا قائم شدہ :۔ نظروں سے چھپا ہوا۔

تدارک ردّ بلا سر دست تاکید نمود ۔ اور اس بلا کے رد کی فوراً ہی تاکید کی۔

صفحہ ۱۸۴

خودش منزل زد۔ خود گھر کی طرف بھاگ گیا۔ بیت ۵

در بوطیہ امراہم ہم قسم یافتہ۔ اور اہم امر کے منصوبہ میں ہم قسم پاکر۔

خیام خواب گاہ دلیف ہم می زد۔ خواب گاہ کے خیمے قطار قطار نصب کرتا تھا۔

جاترست بچہ نیست۔ یعنی علامت موجود ہے۔ مطلوب نہیں ہے۔ نادر نہیں ہے۔

در ماہبلد ند۔ بھاگ گئے۔

نھیب می زد۔ آواز دیتا تھا۔

اگرسستی بہ جنبیدالخ اگرسستی کی تو کل بالکل نہیں بچوگے قتل کر دیئے جاؤ گے۔

صلب طاقت۔ کو اس طرح بنایئے "سلب طاقت"

صالح طالح۔ وہی محمد صالح طالح۔ بدکردار۔

نفیرزن۔ خرّاٹے لینے والا۔

پراق سلطانی قطار چیدہ پادشاہی ہتھیار رکھے ہوئے۔

برخوکردہ غلط لکھا ہوا ہے۔ صحیح "بسخوکردہ" ہے۔ یعنی کمین کرکے گھات میں بیٹھ کر۔

سیاہی سایہ آدم ملاحظہ افتاد۔ آدمی کی پرچھائیں کی سیاہی دیکھی۔

صفحہ ۱۸۵

جمِ حشم۔ سلیمان۔ یا جمشید کا سا حشم رکھنے والا

فشار داد ہ۔ ذرا دبایا۔

از ثقاہ شنیدم۔ میں نے معتبر لوگوں سے سنا۔

رویا۔ وہ جو عالم خواب میں دیکھا جاتے۔

برخواسنت۔ برخاست۔ بنا ہے

خیرالوریٰ۔ بہترین مخلوقات یعنی جناب محمد مصطفیٰ ؐ

تقاص خون۔ انتقام خون۔ قصاص۔

پشت گرمی۔ مدد

دنبال جدال۔ عقب جنگ

صفحہ

جلو پرچم غرمش۔ اس کے
ارادے تھے پہریرے کے سامنے۔
راہ نگوں ساری دشمن
می کشاد۔ دشمن کی نگونساری
کا راستہ کہول دیتے تھے۔
واز بود۔ کشادہ تہا۔
بہ سلطنت پادشاہ نشان
شدہ۔ ملک میں پادشاہ
نشان ہوگیا
بہ اورنگ آرائی الخ اور
تخت آرائی۔ یعنی پادشاہی میں دنیا
کا تاج بخشنے والا ہوگیا۔
بہمان طور واقعہ دید۔
اسی طرح خواب دیکہا۔

صفحہ ۱۸۶

اسد اللہ بند سیف
از برش بہ کشاد۔ شیر خدا
نے تلوار سے بند اوس کی کمر
سے کہول لئے۔
پیکر آدم بیگانہ بہ نظرم
آشنا شد۔ کسی غیر آدمی
کی صورت مجہے نظر آئی۔
الحرب خدعۃ۔ جنگ

صفحہ ۱۸۷

مکر ہے۔
پا بہ طناب اجل پیچید
دم رو بہ زمین غلطید
موت کی رسی میں پیر آو لجہا منہ کے
بہل زمین پر گرا۔
قاتل بہ عقب برگشتہ الخ
قاتل نے پیچہے پلٹ کر دہ تلوار ماری
کہ نادر کا شانہ چنار کی شاخ کی طرح
دو ٹکڑے ہوگیا۔
بالا رفت۔ ای دست
وشمشیر بالا رفت۔ یعنی ہاتہہ اور
تلوار دونوں اُلٹے۔ بلند ہوئے۔
رستخیز۔ بالضم۔ قیامت
بعضوں نے بالفتح بہی لکہا ہے۔
ترکِ شاہی۔ شاہی
سامان۔

صفحہ ۱۸۷

از بیخ برکند۔ یعنی ہڈیوں کو
توبیخ وسرزنش کے مرحلہ میں پہینکدیا
بہ مرحلہ توبیخ افگند
یعنی ہڈیوں کو توبیخ وسرزنش کے مرحلہ
میں پہینک دیا۔
از تخت بتختہ تابوت کشند۔

تخت سے تابوت کے تختہ پر ڈالدیں
بالبہ۔ منقرن باج۔
تحمیلات۔ وہ مال جو مقررہ سے زیادہ لیا جائے۔
برعایا بخشیدیم۔ برعایا بخشیدیم بنایئے۔
خیال آن غدار بے رحم الخ اُس بے رحم غدار کا خیال تھا۔ کہ جس وقت یہ کہیں گے کہ نادرشاہ کی نسل سے بادشاہ ہونا چاہیئے تو شاہ رُخ مرزا کو تخت پر بٹھا کر خود اس کے نام سے سلطنت کروں گا۔
تاجور۔ صاحب تاج
جلب۔ کشیدن۔
تبذیر۔ بے اندازہ خرچ کرنا۔ فضول خرچی۔

صفحہ ۱۸۸

اوراگرفتہ الخ۔ آدس کو پکڑ کر منقید نادر کی بی بیوں کو دے دیا انھوں نے اُس کے ٹکڑے ٹکڑے کرڈالے
مصاف۔ جنگ
روتافتہ۔ منہ پھیر کر۔

ازلو طبیہ امرا الخ۔ امراء کے مشورے سے دبا وجودیکہ شاہرخ تخت پر بیٹھنے سے سخت انکاری تھا، اس کے سر پر تاج موروثی رکھدیا گیا۔
ہرج۔ مرج۔ فتنہ وفساد۔ لڑائی جھگڑا۔
درافواہ انداخت (الخ) مشہور کیا کہ شاہرخ میرزا نادر کی طرح ایرانیوں کے مذہب سے بیزاری رکھتا ہے۔
وسلوک اورا الخ۔ اور شاہرخ کے سلوک کو۔ کہ وہ **مختلف** مذہب والوں اور خصوصاً ایرانیوں کے ساتھ مروت سے پیش آتا تھا حجت گردان کر

صفحہ ۱۸۹

آدمیوں کے دلوں اور رایوں میں تفریق پیدا کردی
از حلیہ بصر عاری ساختہ یعنی شاہ رخ کو اندھا کر دیا۔
وہنوز انگشتری سلطنت اور ابھی تک اُس کی حکومت کی انگشتری نے نقش مرد انہیں قبول کیے تھے

صفحہ ۹
صفحہ ۸

کہ اوس کی سلطنت کی انگوٹھی کا
نگینہ ذلت کے زیر دست
آگیا۔

بہ چنگ آوردہ الخ- اُس کو
قبضہ میں کرکے مار ڈالا۔

سرکردۂ اکراد - کردوں
کا سردار۔

ضمیمہ فتوحات خویش
گردانیدہ - یعنی ہرات کو
بھی فتح کرلیا۔

بالآخر چارہ در تسلیم دیدند
آخرکار اُنہوں نے خود کو سپرد کرنے ہی
میں چارہ دیکھا۔

صفحہ ۱۹۰

صفحہ ۱۹۰

علاوہ چون نادر شاہ الخ
اور اس کے علاوہ یہ بات ہے - کہ
چوں کہ نادر شاہ نے ملک پر غلبہ پاکر
پادشاہی کو غصب کیا اور اسی کی محبت
میں جان دے دی تو بالفرض دوسرے
کے لیے بھی دوام و بقا نہ ہوگی - اور اس
کے مرنے کے بعد ہر وہ شخص جس کے
بازو میں طاقت ہوگی یا کچھ تھوڑا سا
بھی زور رکھتا ہوگا خود سر ہوکر اپنے

۱۹۱

بالا دست پر قدم رکھیگا - اور جہاں
کہیں شہر کا حاکم یا کسی گروہ کا سردار
ہوگا، سرداری اور حکومت کا سودا پکا کر
چین سے نہ بیٹھے گا- (لڑیگا - جنگ
کرے گا) اس بنا پر احمد خان نے یہ
رائے قائم کی - کہ بہتر یہی ہے کہ صرف
افغانستان کی حکومت پر قناعت
کی جائے۔

بہ نبیرۂ او - غلط لکھا ہوا ہے۔
"بہ نبیرۂ او" بنائیے۔

متقبّل گردیدند - قبول کرنے
والے ہوئے۔

سدّ - دو چیزوں کے درمیان
حائل و مانع دیوار۔

تطاول - گردن کشی - درازدستی،
ظلم وستم۔

تدبیر - غلط لکھا ہوا ہے - تدبیرش
بنائیے۔

وبدو رخو اقین قجریہ در اسیری
جان بتسلیم نمود - اور قجریہ پادشاہوں
کے زمانے میں قید میں انتقال
کیا۔

صفحہ ۱۹۱

عُرضہ - درمیان انداختہ شدہ - وپیش آوردہ شدہ - و آنچہ پیش کشیدہ شود -

بوار - ہلاکی -

وی نہاد کی جگہ "روے نہاد" بناہیے -

علم از استبداد برداشت

استبداد کے معنی ہیں - تنہا بر سرکاری ایستادن - ومنع کسی نہ قبول کردن - خودسری وسرتابی کے معنی میں بہی مستعمل ہے - اشتداد غلط لکہا ہوا ہے -

انجاح مرام - روان کردن مقصد -

برادر آفق خان - آفق خان کا بہائی

سرکردہ رہزنان بودہ - ڈاکوؤں کا سردار تہا -

صفحہ ۱۹۲

جلفنا - معبد نصاری - گرجا -

صیانت - نگہبانی -

تاکہ حرکات - تا اینکہ حرکات بنائیے -

بے منازعت - بغیر خصومت -

ازقبیلہ لک - صحرائی قبیلہ سے -

زردشت / **زرتشت** } منوچہر کی نسل سے ایک حکیم تہا افلادوس حکیم کی شاگردی کی - جب تعلیم حاصل کرچکا - توحد ود سیلان میں ایک پہاڑ پر گوشہ نشینی اختیار کرکے ریاضت میں مشغول ہوا - اور ایک کتاب تیار کرکے اُس کا ژند نام رکہا - پہر پہاڑ سے نیچے آیا - اور آتش پرستی کی تبلیغ شروع کی - گشتاسپ کے پاس جاکر پیغمبری کا دعوے کیا - اُس نے کہا "تمہارا معجزہ کیا ہے ؟" اُس نے جواب دیا تانبے کو پگہلا کر میرے سر پر ڈال دو" ایسا کیا گیا - اور اُسے کوئی نقصان نہیں پہونچا - پادشاہ اور دیگر ارکین نے اس کا مذہب اختیار کرلیا - یہ شخص دوخدا کا قائل تہا -

(۱) یزدان + (۲) اہرمین

ایک فاعل خیر ہے - دوسرا فاعل شر - بہرحال "ژند" اُس کی کتاب ہے - وہ مدعی تہا کہ بذریعہ وحی اُس پر نازل ہوئی ہے - آستا اسکی تفسیر ہے

اُستارا۔ بنائیے

مشاق۔ "مشقت" کی جمع
ہے۔

گرویدند۔ مائل ہوے۔
گرویدہ ہوئے

صفحہ ۱۹۳

ضابط خشت۔ حاکم خشت۔
خشت ایک مقام ہے

صفحہ ۱۹۴

پاشاے رومی۔ ترکی
کا گورنر۔

ناچار از دویدن الخ۔
مجبوراً دروازوں پر دوڑنے سے
تھک گیا۔ اور فتوح کا راستہ اس
پر بند ہوگیا۔

قاچار۔ ترکی قوم ہے۔
جو ایک مدت سے استراباد، اور

صفحہ ۱۹۵

مازندران کے باشندے ہیں۔
ان ہی کو قجر بھی کہتے ہیں۔

اویما قلات۔ غلط لکھا ہوا
ہے۔ آپ اس کو اس طرح بنائیے۔
اویماقات۔ قبیلہ ترک ہے۔

دہنہ لڑکی۔ لڑکیوں کی سرحد
ناکا۔

سکنا داد۔ بسایا۔

رودعاشور۔ ایک دریا کا
نام ہے۔

دریاے خزر۔ بحیرہ خضر
کاسپین سی

گنجہ۔ ایک مقام ہے۔ نظامی
گنجوی یہیں کے ہیں۔

صفحہ ۱۹۴

تیرہ کے معنی شروع صفحوں میں
بیان کر دیے گئے ہیں۔

محول نمود۔ سپرد کر دی۔

راہ مرور بران سیل بنیان کن بند د۔ اس جڑ
اکھیڑنے والے سیلاب کا راستہ رکے

حصاری گشت۔ قلعہ
بند ہوگیا۔

صفحہ ۱۹۵

و با جمع سی ہزار علم قلعہ گیری و یورش افراشتہ
اور تیس ہزار کی جماعت سے حملہ۔ اور
قلعہ گیری کا علم بلند کیا۔

ارد۔ غلط لکھا ہوا ہے
"اردو" بنائیے۔

اثاثہ - (بمعنی رخت و متاع) لکھئے "اساسہ" غلط لکھا ہوا ہے

کچھ یہی نہیں ہے۔ کہ اس کتاب میں بہت سی جگہ املا غلط لکھا ہوا ہے۔ پہلے جو مصنف کے وقت میں چھپی ہے۔ اس میں بھی یہی حالت ہے۔

غلا - بالفتحہ - قحط و گران شدن - ترجمہ راصبر و سکون لکھا ہوا ہے۔ راہ صبر و سکون بنائیے۔

تگا ور انگیز مقابلۂ دشمن گردید دشمن کے مقابلہ کے لئے گھوڑے کو دوڑانے والا ہوا۔

سر خود گرفتہ پشت داوند اپنا سر لے کر بھاگ کھڑے ہوئے۔

تار و مار - زیر و زبر - پراگندہ تال مال بھی آیا ہے۔

تنبائی } - تنہا - جریدہ - اور تھوڑے
سوبائی } آدمیوں کے ساتھ سفر کا تیز جانا۔ (از مصنف عذب البیان)

عزم سیر کرد - چلنے کا ارادہ کیا۔

باتلاق - کیچڑ۔

بسر آمد - سر کے بھل گر پڑا۔ اوندھے منہ گر پڑا۔

تا رفتن بر پا خیزد - جب تک چلنے کے کھڑا ہو۔

گشتم - کاتب نے غلط لکھدیا ہے "کشتم" بنائیے

صفحہ ۱۹۶

خان از نسبت فیمابین پرسید - یعنی خان نے جو قاتل و مقتول میں نسبت تھی۔ اس کے متعلق سوال کیا۔

بر قفائش نہاد - یعنی تلوار اس کی گردن پر رکھدی۔

تخت روان - کا مفصل بیان شروع میں گزر چکا۔

از سوابق زلات چشم پوشیدہ - پہلی لغزشوں سے چشم پوشی کی۔

کور نمکی - نمک حرامی۔

عبرت للناظرین - دیکھنے والوں کے لئے عبرت۔

کاری از پیش نہ بردہ - کوئی کام نہ بنا سکا۔

اعتذار - عذر خواہی -
عذر چاہنا -

صفحہ ۱۹۷

صفحہ ۱۹۷

فی الفور جانب دامغان الخ
اور ذکیخان فوراً دامغان کی طرف
حسین قلی خاں ولد فتح علی شاہ کے
دفع کرنے کے لئے مامور ہوا - اور
دونوں گروہوں کے مقابلے میں
حسین قلی خان نے شکست کھائی -
اس شکست کی وجہ سے حسین قلی
ترکمانوں کے مسکنوں کی طرف
متوجہ ہوا - اس درندہ خونہمان کُش
نے اس کو پکڑ کر مار ڈالا - اب رہے
اُشاقہ باش کے بقیہ سردار - اُن کو
زکی خان نے خیابان بنانے کے
عذاب - اور درختوں کی شاخ میں
باندہنے سے بعد کے شکنجہ کے نیچے
سلا دیا - یعنی اون کو ہلاک کر دیا -

صفحہ ۱۹۸

یکے از بنات محمد حسینخان الخ
کہتے ہیں کہ محمد حسین خان کی لڑکیوں
میں سے ایک لڑکی (دوکیل)
کے پاس بانوئے حرم سرا
اور صاحب تکریم تھی -

قلعہ عبادہ - یعنی قلعہ آبادہ
استخر - قلعہ کا نام ہے شیراز سے
۲ فرسخ کے فاصلہ پر ہے - اسکو تختِ جمشید
بھی کہتے ہیں - صاحب برہان کہتے
ہیں کہ استخر کے معنی تالاب کے ہیں -
اس قلعہ میں ایک بڑا تالاب ہے - اس
وجہ سے یہ نام ہوگیا -
لجارہ - پوچ - لچر -
زبانۂ آتش - شعلۂ آتش
سبیل آب - کے بعد ایک
واؤ اور بنایئے -

چون حریفے نماند الخ
چونکہ کوئی حریف نہ رہا - کہ سربازی
کے میدان میں تاخت و تاز کرنے
اور رزم سازی میں نیزہ

صفحہ ۱۹۸

سینہ پر اور تیغ کینہ پر - اور تیر
خصم اندازی کے لئے مارے -
لہذا کریم خان زند نے عراق کی تسخیر کا
ارادہ کیا

داد طلب مطلب -
مدعی کارگزاری -

او در تہیہ پرخاش فراخور

برہمزدن الخ۔ اور
صادق سلطان عظیم الشان روم
ایسے کے درہم برہم کرنے کے لئے
ایک عمدہ اور لائق جنگ کے سامان
کے تہیہ میں مشغول ہوا۔ اور بغداد
کے گورنر عمر پاشا کی بے اعتدالی
کو بہانہ بناتے ہوئے کہا۔ کہ اس
نے مسقط کے حاکم اور امام کو مدد
دی اور گویا اس امر سے مانع ہوا۔
کہ ایرانی عمان کو تسخیر کریں۔
اور بعض عجم کے تاجروں کو تاراج
کیا اور زوار کے قافلے سے ناجائز
محصول لے لیا۔
یہ الزامات لگا کر کریم خاں نے
اس کے سرکوتر کی سلطنت کے امنا
سے پاداش کی سزا ہیں طلب کیا۔
ایسا جواب، جس کی آرزو تھی جلد
نہ آیا،

خلیج۔ یعنی خلیج فارس۔

فروند۔ یہ لفظ کشتی کے ساتھ
آتا ہے۔

بلنا۔ ریگ۔ بوشہر۔ تینوں
بندرگاہ ہیں۔

بر شط العرب جسر بستہ
شط العرب پر پل باندھ کر۔

شط العرب۔ وہ چھ دریا
جو بصرے کے قریب باہم
مل کر سمندر میں گرتے ہیں۔ فرات
دجلہ۔ وغیرہ۔

باستیان۔ برج۔ بارہ بورج
یہ انگریزی لفظ:۔
Bastion
سے مفرس ہوا ہے۔
(از "بیا چین" لغت مولوی فرخی
صاحب۔ استاد اعلحضرت دام ملکہم والئ رامپور)

چون این خبر الخ۔ جب کہ یہ خبر
قسطنطنیہ کے دربار قیصری میں پہنچی
اس بات کے خوف سے کہ کہیں ایسا
نہ ہو کہ یہ عمدہ ملک ہاتھ سے نکل جائے
دان۔ موصل وغیرہ کے بادشاہوں
کے نام حکم صادر ہوا۔ کہ جس قدر لشکر
ممکن ہو سکے۔ اسکو لے کر بغداد کی
طرف حرکت کریں۔
لوگوں کا یہ گمان تھا کہ مامورین
بغداد کے گورنر کی معیت میں بصرہ
کی امداد کے لئے مقرر ہیں۔

لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ عمر پاشا
کے قتل کے واسطے دشنہ و خنجر اٹھانے
والے ہیں۔ تاکہ شاید عمر پاشا کے
قتل کر دینے میں پادشاہ ایران بصرہ
کی فتح سے دستبردار ہو جائے۔
اس لئے جب عمر پاشا مار ڈالے
گئے۔ تو ترکی اُمرا نے ایک سفیر
شیراز میں بھیجا۔ کہ وہ دولت کے
کارکنوں کو اس واقعہ کی اطلاع دیکر
کہے۔ کہ شاہی فرمان جاری ہو گیا۔
(یعنی آپ نے کہا تھا۔ کہ عمر پاشا
کا سر کاٹ لیا جائے۔ کیوں کہ
اُنہوں نے والیِ مسقط (خارجی) کی
مدد کی ہے۔) لہٰذا وہ مار ڈالے
گئے۔ اب دشمنی کا سبب ہمارے
صفحہ ۲۰۰ اور آپ کے دور ہو گیا۔

کتاب میں "می پاشند بگوید"
غلط لکھا ہوا ہے۔ اس کی جگہ "می باشند"
اور "بگوید" بنا لیجئے۔

صفحہ ۱۹۹ **صفحہ ۱۹۹**

کریم خاں زند نے یہ سنکر سفیر کو تو
وعدہ ہائے خوش میں مشغول رکھا اور
اپنی مہموں کے اتمام میں مصروف
ہوا۔

باستمالت قلوب ناس کوشید
آدمیوں کے دلوں کو اپنی طرف مائل
کرنے میں کوشش کی۔

خام۔ کی جگہ رخام بنا لیجئے۔ بہ معنی
سنگ نرم۔

کشورِ بے صاحب ہند۔
یعنی ملک ہندوستان جو بے حاکم
کے تھا۔

بے عدیل بودہ۔ بے مثل
تھا۔ بے نظیر تھا۔

اعتلا۔ بلند ہونا۔

امام۔ غلط لکھا ہوا ہے۔
اتما بنا لیجئے۔

پسر سوم را بنا لیجئے۔

صفحہ ۲۰۰

ودیعت حیات سپرد
زندگی کی امانت سپرد کر دی۔
یعنی مر گیا۔

پس از زکی خان۔ غلط لکھا
ہوا ہے۔ "پس زکی خان"
بنا لیجئے "از" کاٹ دیجئے۔

زمام۔ باگ۔

حال اختلاف - غلط لکھا ہوا ہے حال اختلال بنائیے۔

علاقہ مصاہرت - علاقہ دامادی۔ مساہرت (سین سے) غلط لکھا ہوا ہے۔

کچھ یہی نہیں کہ اسی کتاب میں املے کی غلطی ہے۔ بلکہ جو کتاب مصنف کے وقت میں چھپی ہے اس میں بھی جا بجا اسی طرح املا غلط ہے۔

کہ ہر دو برادر بشرکت سلطنت نمایند: - دونوں بھائی شرکت میں سلطنت کریں۔ (برا) بھی غلط ہے۔ اور شرکت بھی غلط ہے۔

بوادق خان - کریم خان زند کا چچا کا تھا۔

در گرفتن ارک الخ - اور قلعہ کے فتح کرنے، اور شوریدہ سروں کے پکڑنے میں ایک تدبیر کی۔ اور وہ یہ کہ اپنے پیغام میں قسم کھائی۔ کہ ہم ماضی (جو گزر گیا) سے در گزر کرکے تم کو سلطنت کے بڑے بڑے مناصب میں شریک کرلیں گے۔ انہوں نے اس کے وعدوں پر اعتبار کرتے ہوئے، قلعہ ہاتھ سے دے دیا۔ اور مثل چڑیوں کے جال میں پھنس گئے۔ اور نہایت بری طرح سے قتل کردیئے گئے۔

تلہ - دام - پنجرہ

بپاسار سیدن: - کیفر کردار کو پہونچنا۔

گذشتہ - غلط لکھا ہوا ہے گذاشتہ بنائیے۔

نزد خالوے او - اس کے ماموں کے پاس۔

چگونگی - واقعہ - حالت کیفیت۔

حالی گردانیدہ - واضح کیا۔

صفحہ ۲۰۱

سیبہ و سنگر - مورچہ۔ مورچال۔

از سر علم پاشیدند - صادق خاں کے جھنڈے سے ادھر ادھر ہوگئے۔ ساتھ چھوڑ دیا

تنگ ارسنجان - ارسنجان

کی گھاٹی میں۔ "تنگ" کے معنے
درے کے ہیں۔
تلاقی فریقین روے نمود،
دونوں گروہوں کی مڈبھیڑ ہوئی۔
گشتہ۔ غلط لکھا ہوا ہے۔
کشتہ۔ بنائیے۔
تا زود است۔ جہاں تک
جلدی ہوسکے۔ بہت جلد۔
ملجا۔ جائے پناہ۔
بلکہ توانی کارے از پیش بری
شاید تم مقصد حاصل کرسکو۔

صفحہ ۲۰۲

امیر قجر۔ یعنی آقا محمد خان
سرداران گفت۔ غلط۔
باسرداران گفت۔ بنائیے۔
یزد خواست۔ ایک قصبہ
کا نام ہے۔
کہ شب الخ۔ یکایک رات کو
لشکر کے لوگ زکی خان پر ٹوٹ
پڑے۔ اور اس کے حیات کی رشتہ
کو اجل کے خنجر سے کاٹ ڈالا۔ اور
اس کے وجود کے بوش سے عالم کو
دیکھ کر خوشی کا شہد نشاط کی شراب
میں ملایا۔
ابوالفتح خان کے بعد (را) کا لفظ
کاتب سے رہ گیا ہے۔

صفحہ ۲۰۳

برادرامی۔ مادری بھائی۔
یعنی ماں ایک ہو اور باپ علیحدہ علیحدہ
باغی۔ نافرمان۔
مستر وطلبیدہ۔ واپس بلاکر
وقعے نداشت۔ کوئی وقعت
نہ رکھتا تھا۔
واقعی غلط لکھا ہوا ہے۔
دور علی مراد خان۔
علی مردان خاں کے گرد۔
سرخود گرفتند۔ یعنی ساتھ
چھوڑ دیا۔
علم نہضت افراختہ۔
کوچ کا جھنڈا بلند کیا۔
تارومار گردید۔ درہم برہم ہوئے
پریشان ہوئے۔

صفحہ ۲۰۴

رسم سازش داشت۔
میل رکھتا تھا۔ اس سے ساز باز
رکھتا تھا۔

بعد چند مدت الخ - کچھ
عرصہ کے بعد غمازوں نے علی مرزا خان
سے یہ لگائی بجھائی کی کہ اکبر خان تمہاری
جان کے درپے ہے

بہ ایالت خمسہ - خمسہ
کی سرداری کے واسطے - خمسہ
مقام ہے

بدایت - آغاز -

ساری - ایک شہر کا
نام ہے

کسان قجر آن گذر الخ -
قجر یہ لوگوں نے اوس راستہ
کو بہادر محافظوں کے سپرد
کرکے، آمد و رفت کی طاقت
کو مسدود کردیا -

**و بقیہ در معرض اُسار
آورد** - اور باقی لوگوں کو
قید کرلیا -

**و در میدان تفرقہ ادبار
باشی شدند** - اور تفرقہ کے
میدان میں فلاکت زدہ ہوگئے -

صوب - طرف

صفحہ ۲۰۵

مستولی - غالب -

ظرف - غلط لکھا ہوا ہے -
طرف بنائیے -

مورچہ خوار - ایک قصبہ کا
نام ہے -

از تجربہ کہنہ - لکھا ہوا ہے -
تجربہ کارِ کہنہ ہو تو بہتر ہے اور مقصود
اس سے جعفر خان ہے -

بے منازعت - بغیر خصومت

کلان تر - بڑے لوگ - میر محلہ -

**کلان تری جمیع فارس
یافت** - کل فارس کی سرداری
حاصل کی -

صفحہ ۲۰۶

متحصن - قلعہ بند -

فرار و خذلان - بنائیے

**چراغش را نورے و ایاغش
را سرورے پیدا شدہ** -
اس کے چراغ کے لئے نور، اور اس کے
پیالے کے لئے سرور پیدا ہوا -

لار - شیراز کے قریب مقام ہے

غلامی را الخ - ایک غلام کو رشوت
دے کر اس بات پر راضی کیا - کہ

جعفر خاں کے حلق میں زہر ڈالے ۔
جس وقت کہ اُس کی حالت میں تغیر
ظاہر ہوا ۔ قیدیوں نے خلاصی پاکر
معہ اسلحہ کے مکان میں گئے ۔ اور
اُس کے سر کو کاٹ کر قلعہ کی دیوار
کے نیچے پھینک دیا ۔

صفحہ ۲۰۷

بشیوخ عرب ۔ کتاب
میں بنایئے ۔

اَحشام ۔ بفتحہ الف نوکراں
خدمت گزاران ۔

لشکریان را نوعے نمود ۔
سپاہیوں کو کچھ ایسا رُخ دکھائے ۔
ایسی باتیں کیں

طبق ۔ موافق ۔ مطابق ۔

بلوکات ۔ پرگنے ۔

بارہ ۔ حصار قلعہ ۔ دیوار شہر پناہ

گیرافتادہ ۔ گرفتار ہو کر ۔

صفحہ ۲۰۸

کہک ۔ مقام ہے

بے نیل مرام ۔ بغیر
رسیدن مقصد ۔

قمشہ ۔ اصفہان کے حوالی
میں گاؤں ہے

بابا خان ۔ بنا لیجئے ۔

اُردوبہم خورد ۔ لشکر
ایک دوسرے سے بھڑ گیا ۔

شرذمہ ۔ تھوڑے سے
لوگ ۔ شرزمہ ۔ ہائے ہوز سے
صحیح نہیں لکھا ہے ۔

صفحہ ۲۰۹

سنوح ۔ حادثہ ظاہر ہونا

پے سلامتی خویشان رود
عزیزوں کی سلامتی میں کوشاں
ہو ۔

از جانب ۔ (از) غلط ہے
کاٹ دیجئے ۔

معاند ۔ عناد کنندہ ۔
دشمن ۔ عدو ۔

ریگ ۔ بندرگاہ ہے ۔

ایلغار ۔ دشمن کی فوج
پر دھاوا کرنا ۔

در بندوبست شہر ۔ بنایئے
شہر کے انتظام میں ۔

دہ یک عدد ۔ یعنی دس
کے مقابلے میں ایک ہوتا تھا ۔

بہت کم جماعت تھی۔

صفحہ ۲۱۰

وپچپاوار دوافتادند۔ لشکر کی لوٹ میں پڑ گئے۔

خودرا۔ را غلط لکھا ہوا ہے کاٹ دیجئے۔

مائین۔ ابرج۔ دو دون کے نام ہیں۔ مولف عذب البیان خود بھی بتا رہے ہیں۔

اردلان۔ ایک گاؤں کا نام ہے۔

یغما۔ لوٹ۔

صفحہ ۲۱۱

اغراق۔ اس مبالغہ کو کہتے ہیں کہ بہ حسب عقل ممکن ہو۔ اور باعتبار عادت ناممکن۔

داراب۔ ایک مقام کا نام ہے۔

رونیز۔ ایک گاؤں کا نام ہے۔

منہزم وزنگاور انگیز طبس گردید۔ شکست کھانے والا۔ اورزنگاور انگیز طبس ہوا۔

نرماشیر۔ ایک مقام کا نام ہے۔

صفحہ ۲۱۲

کہ میزبان سرعدوان است یعنی میزبان دشمنی کرنیکے خیال میں ہے

باران۔ غلط لکھا ہوا ہے۔ یاران بنائیے۔

صفحہ ۲۱۳

او برخاستہ دست بشمشیر دوید الخ۔ یعنی لطف علی خان نے جو دیکھا۔ کہ میرے دوست، رفیق گھر گئے ہیں تو وہ فوراً کھڑا ہوا، اور ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے دوڑا۔ اُن لوگوں نے راستہ دیا۔ یہاں تک کہ لطف علی خاں اپنے گھوڑے پر جس کا نام "قران" تھا چڑھ گیا، چاہا کہ حملہ کرے۔ ایک شخص نے اُس کے سبلے مثل گھوڑے کی تلوار سے کوچے کاٹ ڈالے۔ وہ گھوڑا ایرانی گھوڑ سال کا چیدہ منتخب تھا۔ بنیش ہاتھ تو اسکی حُبت تھی۔ اور

سو کوس ۔ رفتار ۔ یعنی بہیر ہاتہہ کو د
جاتا تہا ۔ اور دن بہر میں سو کوس
راستہ طے کرتا تہا ۔

گذارش صحبت عزل و نصب سلطنت ۔
یعنی سلطنت کے عزل و نصب
کے ذکر کا عرض کرنا سرمایہ حسرت
و نفرت ہے ۔

بسر انگشت زجرت ۔
ملامت کی انگلی سے ۔ اضافت
بادنی ملابست ہے ۔

خلال ۔ درمیان ۔

این بلاد پیوستہ الخ ۔
یہ شہر ہمیشہ محل آشوب اور مقام
جنگ رہے، جس طرف سے کہ
قبیلوں کے امراء، خلافت کے
دعوے داروں کی مدد کے لئے
آتے تھے ۔ ملک کو مصائب کے
لکد کوب میں ڈالتے تھے ۔ اور اس
بنا پر کہ نقض عہد شائع تہا ۔ اُن کی
بہادری اور جرأت بہی قابل
اعتماد نہیں رہی تہی ۔ مثلاً کسی وقت
دو لشکروں میں مدبھیڑ ہوئی ۔ طرفین
کے چند آدمی تو لڑ رہے ہیں ۔ اور
باقی تماشہ دیکھ رہے ہیں ۔ کہ دیکھیں
اس جنگ کا نتیجہ کیا ہوتا ہے جس
طرف کہ شکست ہوئی سب نے اپنے
حاکم کا ساتہہ چہوڑ دیا ۔ اور دشمن
غالب کے فتراک سے جا کر مل گئے

صفحہ ۲۱۴

خواہ بہت تیزی سے بے شرم
رفیقوں کے ساتہہ فرار کے وادی
میں چل دیتے ۔

کورده ۔ ویران گاؤن

سیورسات ۔ رسد

چشم زخم ۔ نظر بد ۔

تمشیت فساد کند ۔
فساد کا بند وبست کرے ۔

شقہ رفعت کشاد ۔
رفعت کا پہریرا کہولا ۔

چراغ خاندان ہا کور الخ
خاندانوں کے چراغ گل کر دیئے ۔
اور حکومت چاہنے والوں کو قبر
میں سلا دیا ۔

نبیره ۔ پوتا

ایراد کرد ۔ وارد کیا ہے یعنی

لکھا ہے
جنگی زخیم۔ زخیم غلط لکھا ہوا ہے
ضخیم بنائیے۔

صفحہ ۲۱۵

انقراض۔ بریدہ شدن۔
اور مدت کا ختم ہونا۔
اغتشاش۔ آمیزش فساد
سفیر با دانش و تدبیر۔
یعنی سرجان مالکم۔
بہ قالب طبع زدہ۔ طبع کے
قالب میں ڈہالا۔ یعنی چہاپا
الحق آئینہ صورت نمائی الخ
اور سچ یہ ہے کہ اگلے لوگوں اور
زمانوں کے کاموں کے حقیقتوں
کا ایک صورت نما آئینہ ہے۔
و بہ نظر خواستگاران الخ
اور چاہنے والوں کی نظروں میں
بیس روپیہ پر اس کا جمال آفتاب
کی طرح چمکا۔ یعنی اس کتاب کی
قیمت بیس روپیہ ہے۔
و بہ گوشہ خارج از کشور
افتادہ۔ اور استرآباد ملک
کے باہر ایک کونے میں واقع

ہے اس لئے مشکل تہا کہ یہ مقام
مدار دائرہ مملکت ہو۔

صفحہ ۲۱۶

برغب۔ بُرعب ہے۔
معلوم گردید الخ۔ معلوم ہوا کہ
جوا کھیل کر کھسیانے ہوگئے۔
اور باہم لپّا ڈُگّی ہوئی۔ اور
ایک دوسرے پر حملہ کیا ہے
غصہ ہو کر فرمایا" دونوں
کی گردن میں رسّی ڈال کر پہانسی
دے دی جائے۔
سر داد۔ رہا کر دیا۔

صفحہ ۲۱۷

یکے ہیچ گلو بُرش الخ۔ ایک
نے ٹیٹوا دبایا۔ دوسرے نے
لحاف کے اوپر ہی سے خنجر مار کر پیٹ
پہاڑ ڈالا۔ اور اُسکے سر کو کاٹ لیا۔
پس ایام کامگاری الخ۔
اس کے بعد مقصدوری کے ایام
نے ہیبت و یاری کا ہاتہہ بابا خان
کے سامنے بڑہایا اور مشیتِ
ایزدی نے شہریاری تاج و تخت
سے اُسے سرفراز کر دیا۔

شاہی سوند۔ غلط لکھا ہوا ہے۔ شاہی سوند بنائیے۔

قبلی۔ نام قبیلہ۔

مخدرہ۔ پردہ نشین۔

دربر و لبش گل زدند۔ دروازہ تیغہ کرو لیا

از پا میانی۔ درمیان میں پڑنے سے

بہ خوردن سار وج الخ

اور گچ اور مصالحہ کھانے سے اوس کی ہڈیاں چونہ ہوگئیں۔

پس خلعت ایں منصب الخ

یہ عبارت غلط ہو گئی ہے۔ اس کو یوں بنائیے:۔

"پس خلعت این منصب با حکومت اصفہان طراز قامت صدر اعظم حاجی محمد حسن خان مروی گشت وآں مرحوم از غمازی صندوقدارش بحلقۂ طناب اجل از جاہ وحشم و جاں درگذشت"

اس عہد کا خلعت مع حکومت اصفہان آرائش قد حاجی محمد حسن خاں ہوا (یعنی یہ عہدہ اُس شخص کو ملا) اور یہ مرحوم خزانچی کی چغل خوری کی وجہ سے موت کی رسی کے حلقہ میں جاہ وحشم وجان سے گزر گیا۔ (یعنی اس کو پھانسی دیدی گئی)

اجارہ۔ ٹھیکہ

دیوان۔ کچہری۔

قلق۔ جرمانہ۔ طلبانہ۔

کسبہ۔ پیشہ ور لوگ۔

عملۂ جبابرہ۔ جبر کرنے والے لوگ۔

نوہ۔ نواسہ۔

احدی از خوانین خراسان

کے بعد یہ عبارت رہ گئی۔

"وعراق وسائر بلاد بہ طریق خلاف سداد پا نہاد با وجود ایں سامان خداداد۔

صفحہ ۲۱۹

بالمرہ نہ کوشید۔ بالکل کوشش نہیں کی۔

چون زور بازوی تدبیر الخ

چوں کہ تدبیر کے بازو کے زور، اور دست تقدیر کی راہنمائی نے نپولین بونا پارٹ کو فرانس کا مالک بنا دیا۔

مباہی۔ فخر کرنے والا۔

معارضات۔ جھگڑے۔

جنگیں۔

آویز وستیز۔ جنگ و پیکار۔

جزیرہ برٹن۔ برطانیہ کے جزیرے۔

پولیںنڈ۔ اسکاٹ لینڈ۔

غبور۔ غلط لکھا ہوا ہے۔ عبور بنایئے۔

خوندکار۔ سلطان روم۔

صفحہ ۲۲۰

ہر قدر بلاد شرقی (الخ)

جس قدر شرقی شہر سپاہ کی حرب اور سعی کی کنجی سے کھلے اور فتح ہوگئے اس کا اسقدر حصہ مع مال غنیمت کے آپ کے کارکنان سلطنت کے سپرد کریں گے۔ باقی ہماری حشمت وجاہ کی زیادتی کے لئے (بنام استیصال دشمن) ہمارے تحت حکومت میں رہیں گے۔

باصغاے این توطیہ الخ

اس مشورے کے سننے پر پارلیمنٹ کے ممبروں نے سرجان ملکم کو ایران کی سفارت کے عہدے پر بہت ہی عجلت کے ساتھہ دربار ایران میں روانہ کیا۔

جناح۔ بازو۔

وبراے صرف پول الخ

اور صرف کے لئے بے شمار روپیہ دیا۔ اور پایہ تخت ایران میں انگریزی سفیر کے لئے شاہ کی رضامندی حاصل کرنے، اور ولی عہد کی خدمت اور ابوشہر بندرگاہ کے معاملہ میں (جیسا وہ مناسب سمجھے اور ممکن ہو) اور دوسرے فرنگی قوانین کے قطع کرنے میں اختیار دیا۔

سفیر بالتقریر۔ سفیر خوش تقریر نے ایک لڑکا (جس کا نام اسٹریچی صاحب تھا) اسکو بہ نظر امید حسن مآل اپنے ہمراہ لیا۔

ایاب۔ بازگشت۔

ذہاب۔ رفتن۔

ملاعبت۔ باہم بازی کرنا۔

کمپنی۔ "ایسٹ انڈین کمپنی" سے مراد ہے۔

صفحہ ۲۲۱

وہابی۔ عبدالوہاب نجدی

کے پیرو۔

اماکن ۔ امکنہ کی جمع ہے ۔ امکنہ مکان کی جمع ہے۔

بقاع ۔ "بقعہ" کی جمع ہے جگہ۔

قساوت ۔ سنگدلی۔ سخت دلی۔

راس الخیمہ ۔ دریہ ۔ باسطور۔ مقامات ہیں۔

در پوست و ریشہ الخ

اور شیوخ کے مزاج کے ریشہ، اور پوست میں کیڑے کی طرح برخورداری، اور سکنت کے سوراخ کرکے۔

بالیوز ۔ ایجنٹ۔

بغلہ ۔ ایک قسم کی کشتی کو کہتے ہیں۔

(۲۲۲)

خشکی و دریا ۔ لکھا ہوا ہے، خشکی و دریا بنائیے۔

ریال کلدار ۔ اس وقت روپیہ وغیرہ کو کلدار روپیہ یا اشرفی کہا کرتے تھے

دالک ۔ براز جان ۔ دشتستان یہ تینوں مقام ہیں۔

صغریٰ ۔ کبریٰ ۔ کل انسان، حیوان قضیہ صغریٰ ہے کل حیوان جسم ۔ قضیہ کبریٰ۔ نتیجہ دونوں قضیوں کا یہ ہے، کل انسان جسم

بالاروانی ۔ آگے بڑھنا۔ آگے جانا۔

صفحہ ۲۲۳

بسپرداری کوتوالان

قلعہ داروں کی حفاظت کی وجہ سے

بیراہہ ۔ دوسرے راستہ سے ۔ جو سیدھا نہ ہو

سولداد ۔ سولجر۔ سپاہی۔

سرخود لشکر کشیدن

خود سری سے لشکر کشی کرنا۔ خودرائی سے فوج کشی کرنا۔

از جا برآمدن حکام خیرہ

حاکموں کا اپنی جگہ سے حرکت کرنا، اپنے آپ سے گزر جانا۔

سیاٗت ۔ گناہ کرنا ۔
خائن ۔ خیانت کرنے والا

صفحہ ۲۲۴

وشاہ لواے مراجعت الخ
اور بادشاہ نے مراجعت کے جھنڈے کو طہران کی طرف حرکت دی ۔ دبدبۂ شجاعت اور رعب کے نہ ہونے کی وجہ سے ۔ اور ہیبت وسیاست کی تلوار کی برشتگی کی وجہ سے ڈاکوؤں کو جرات اور جلادت حاصل ہوئی اور ملک و رعیت کے کام بس طرح طرح کی خرابی اور فرمانرواؤں کے دست تعدی سے طن سر ہوئی ۔

شاہزادہ کامران :۔ محمود شاہ والیِ ہرات کا بیٹا ہے ۔

منزدین رازدہی پرد وجاندار آدم و بارکش را الخ ۔ آنے جانے والوں کو لوٹ کرے جاتا تھا ۔ اور جاندار آدمیوں اور گھوڑوں اور خچروں کو ترکمان اپنے تصرف میں

لاتے تھے ۔

ہموت :۔ ایک قوم کا نام ہے

کوکلان :۔ ایک قوم کا نام ہے

اوبماق :۔ ایک قوم کا نام ہے

قزاق :۔ ایک قوم کا نام ہے ۔

سبزوار
سمنان
تدنیان
آلہاک
میامی

یہ سب مقامات ہیں

جادہ تطاول ۔ درازدستی کی راہ ۔

مرافق :۔ رفاقت کرنے والا ۔

شرا ۔ مول لینا ۔ خریدنا فروخت کرنا ۔

عابرین ۔ عبور کرنیوالے

ودائع ۔ ودیعت کی جمع ہے امانت ۔

تمت بالخیر

خدا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے "شرح عذب البیان" یا بہ الفاظ دیگر "فرہنگ عذب البیان" تمام کرتا ہوں۔

دوسری مرتبہ میں نے اس کو اکتوبر ۱۹۲۶ء کی پہلی تاریخ کو شروع کیا، اور ۲۰/ نومبر ۱۹۲۶ء کو تمام کیا۔

مجھے قوی امید ہے۔ کہ "یہ شرح" اور "عذب البیان" ملک میں مفید ثابت ہوگی۔ اور پروفیسروں، مدرسوں، اور طالب علموں کی زباندانی میں کافی اضافہ کرے گی۔

اب میں کل سے خاقانی کی شرح کی طرف اپنی توجہ منعطف کرونگا۔ جو چودہ جزو چھپ گئی ہے، اور بہت تھوڑی باقی رہ گئی ہے۔

خادم طلبہ

سید محمد نقی شادمان لکھنوی
سینیر پروفیسر اوریانٹل کالج ریاست رامپور

کاتب
سید احمد رامپوری

عذب البیان

یعنی

جدید فارسی لغات کا گنجینہ، نئے محاورات و اصطلاحات کا خزینہ، ایرانی
روزمرّہ کی کان، فارسی عبارت نویسی کی جان،

تمدّن کی رُوح

تہذیبِ اخلاق و تدبیرِ منزل و سیاست مدن کی

انسائیکلوپیڈیا

جس کو

علامۂ دوراں ادیبِ فارسی زباں عالی جناب مولوی محمد حسین صاحب مرحوم ترک افشار تیرہ قرقلو۔
نے
سنہ ۱۲۸۹ ہجری میں تصنیف کیا

اور سنہ ۱۹۲۴ء میں

محققِ زماں عالی جناب مولوی محمد سید نقی صاحب آں شادوماسینئر پروفیسر
اورینٹل کالج رامپور اسٹیٹ نے

درجۂ کامل فارسی ممالک متحدہ کے نصاب میں داخل کرایا اور تصحیح کرکے شائع کیا

باہتمام خواجہ صدیق حسین مطبع آگرہ اخبار آگرہ میں چھپا۔

کہا جاتا ہے: کہ ہر زندہ زبان میں ایک صدی کے بعد تغیر ہوا کرتا ہے + لیکن یہ مقولہ اُس وقت کا ہے جس وقت تمدّنی ترقی کی رفتار سُست اور صنعتی ایجادات کے دروازے بند اور علمی تحقیقات و انکشافات کی راہیں مسدود۔ یا اس قدر کشادہ نہ تھیں+ اب۔ اگر روزانہ نہیں۔ تو ہفتہ وار۔ اور اگر ہفتہ وار نہیں تو ماہانہ۔ نئے نئے الفاظ، نئے نئے محاورات، نئے نئے اصطلاحات ہر زبان میں داخل ہوتے چلے جاتے ہیں+ اور پُرانے متروک +

تم اس کا اندازہ ایک روزانہ اخبار سے خوب کر سکتے ہو۔ اس امر کا خیال رکھتے ہوئے غور سے دیکھو تمہیں آسانی سے معلوم ہو جائے گا۔ کہ اس نے مہینہ بھر میں کس قدر نئے الفاظ کا ذخیرہ تمہارے سامنے پیش کر دیا ہے۔ مجھے تجربہ ہے۔ تمہارا جی چاہے۔ تم بھی آزمائش کرو+ کسی ایسے بڑے بوڑھے سے ملو۔ جس کی عمر سو یا اس سے کچھ کم ہو۔ اور اُس کی نظر سے آج کل کے رسائل، اخبار، اور کتابیں نہ گذری ہوں+ اُس کے سامنے آج کل کے اخبار یا کسی کتاب کی چند سطریں پڑھو۔ دیکھو وہ کیا کہتا ہے۔ ہکّا بکّا ہو کر کہے گا۔ بیٹا۔ میں تو کچھ نہیں سمجھتا۔ اس میں تو عجیب و غریب لفظیں ہیں جن سے میرے کان آشنا نہیں+ اسے تو کچھ وہی خوب سمجھیں گے جو چودھویں صدی کی پیدائش ہیں+ بابا۔ ہمارے وقت میں نہ یہ زبان تھی، نہ یہ محاورات، نہ یہ چیزیں اور نہ اُن کے یہ نام +

اسی طرح فارسی زبان پر قیاس کرو۔ سو برس اُدھر کچھ اور تھی۔ اب کچھ اور ہے۔ اتنا تغیر ہوا۔ اتنی بدلی۔ کہ میں سچ کہتا ہوں اس وقت کا فارسی لٹریچر بڈھا ایرانی نہیں سمجھتا +

دور کیوں جاؤ۔ میرا ہی واقعہ کیوں نہ لو۔ ہاتھ میں حبل المتین ہے یا شارۂ ایران۔ ایرانیوں

کی صحبت میں جاتا ہوں ۔ بفرمائید ۔ بفرمائید کی صدا بلند ہوئی +
بیٹھ جاتا ہوں ۔ ایرانی دریافت کرتا ہے +
ایرانی :۔ کدام کتاب ست کہ در دست دارید "+
من :۔ خیر آقا ۔ کتاب نیست ۔ روزنامہ ست "+
ایرانی :۔ کدام روزنامہ "+
من :۔ خریدۂ ستارۂ ایران ہست "+
ایرانی :۔ مالِ طہران ہست "+
من :۔ بلے "+
ایرانی :۔ چہ خبر ست "+

کسی تار کی چند سطریں پڑھ کر سناتا ہوں ۔ سُننے کے بعد ایک دوسرے سے یہ کہتا ہے +
"حالا آقا مے بینید ایں فرنگی ما باں ۔ ایں مدیراں چہ گوہ میخورند ۔ براستی ۔ اینہا استخوان شخص زبان شیریں ما را مے شکنند ۔ ما ابداً نفہمیدیم چہ میسر آید "+

یہ الفاظ ایرانی کے مُنہ سے کیوں نکلے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس بیچارے کے کان میں بہت سی ایسی لفظیں پڑیں جن سے وہ ناآشنا تھا + آج کی فارسی کا سو برس اُدھر کی فارسی سے موازنہ کرو ۔ صاف زمین و آسمان کا فرق نظر آئے گا ۔ بھلا اُسوقت میں یہ الفاظ کہاں تھے

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اجودان ۔	میرترک ۔	اجودان صدارت ۔	پرائیوٹ سکرٹری میرترک وزارت
امیرال ۔	جنگی کشتیوں کا افسر ۔	استاتو ۔	اسٹیچو ۔
اسباب مکانیک ۔	پانی کھینچنے کا آلہ ۔	اطاق بزرگ ۔	خوابگاہ شاہی ۔
اتوگرافی ۔	قدیمی چیزوں کے نمونے +	آب جوش ۔	سوڈا واٹر ۔
اطاق گار ۔	اسٹیشن کا کمرہ ۔	اطاق پذیرائی ۔	ملاقات کا کمرہ ۔

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
اعضائے مجلس۔	پارلیمنٹ کے ممبر۔	اطفال بحری۔	دریائی لڑائی کے سیکھنے والے طالبعلم
اجزائے سنا۔	مجلس سنا کے ممبر۔	آبلہ کوفتن۔	چیچک کا ٹیکہ لگانا۔
بالون۔	غبارہ۔ ہوائی جہاز۔	بالون جنگی۔	جنگی ہوائی جہاز۔
بالون خبر رساں۔	خبر رسانی کے ہوائی جہاز+	بالون ہدایت پذیر۔	ایسا ہوائی جہاز جسکا ہر طرف موڑنا اختیاری ہو
بالون ہوائے گرم۔	وہ غبارہ جسکے اندر دھواں بھر کر اڑایا جاتا ہو+	بالون اختیاری۔	جس کا موڑنا اختیار میں ہو
بالون امتحان۔	اس پیمائش الحرارت ہوتا ہے اور حرارت اور ارتفاع کے اندازہ کے لئے اڑایا جاتا ہے+	بالون ہیدروژنی۔	ہیڈروجن کی طاقت سے جو ہوائی جہاز اڑایا جائے
توپ بالون افگن۔	ہوائی جہاز گرانیکی توپ	توپ سریع الاطلاق۔	مشین گن۔
تحت البحری۔	آبدوز کشتی۔	تمثیل بہجت۔	کومیڈی۔
تمثیل مصائب	ٹریجیڈی۔	تمبر۔ تمر	ٹکٹ (ڈاکخانہ کے)
تلمبہ۔	آگ بجھانے کا انجن۔	تلمبچی۔	فائر بریگیڈیر۔

ترس خانہ۔ ایسے کارخانے کو کہتے ہیں کہ کسی چیز کے تمام پرزے کسی دوسرے کارخانے کے ڈھلے ہوئے منگائے اور اپنے یہاں جوڑ کر وہ شے درست کرے+

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
جرثقیل۔	سیربین۔	راہ آہن اسپی	ٹراموے کی سڑک۔
کالسکہ۔	بگھی۔	کالسکہ سرباز۔	فٹن۔
کالسکہ روباز۔	ایک ٹپ کی بگھی	کالسکہ بخار۔	ریل گاڑی۔
کالسکہ چی۔	کوچ بان۔	کنگرہ۔	کانگریس۔
کشتی زرہ پوش۔	اس کے معنی واضح ہیں۔	گار۔ استاسیون۔	اسٹیشن۔
ولوسپید۔	سائیکل۔	کبریت۔ کبریت فرنگی۔	دیاسلائی۔
کبریت رسمی۔	ایرانی دیاسلائی۔	سیم تلغراف۔	تار۔

یہ ہم نے کچھ لفظیں بطریق "مشتے نمونہ از خروارے" لکھدی ہیں۔ ایک صدی اُس طرف کا تو کیا ذکر۔ ان میں سے اکثر الفاظ مؤلف عذب البیان نے بھی نہ سُنے ہونگے۔ جن کو کتاب لکھے ہوئے ساٹھ برس سے زیادہ زمانہ نہیں گذرا۔ فارسی زبان کے تغیر کا تو یہ حال ہے۔ مگر ہمارے مکتبوں۔ مدرسوں اور یونیورسٹیوں میں۔ وہی مینا بازار، وہی پنج رقعہ۔ وہی رسائل طغرا۔ اور وہی درّہ نادرہ ہے +

اس قسم کے پُرانے لٹریچر پڑھنے والے طالبعلم نہ کسی فارسی اخبار کی ایک سطر کا ترجمہ کر سکتے ہیں اور نہ کسی جدید فارسی کتاب کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں +

اگر ان کے سامنے کسی ایرانی کا خط رکھا جاتا ہے تو وہ ہمارے سامنے اسکے سمجھنے سے عاجز ہوتے ہیں۔ ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے اٹھائیس سال کے اندر میں اپنے طالبعلموں میں فارسی جدید کا مذاق پیدا کراتا رہا ہوں اور انکو فارسی اخبار اور جدید کتابوں کا درس بھی دیتا رہا ہوں اس لئے میں کہہ سکتا ہوں کہ اگر سب نہیں تو اکثر ایک حد تک جدید فارسی کا مذاق لئے ہوئے کالج سے نکلے ہیں۔ بعض نے چھوٹی چھوٹی ڈکشنریاں بھی تیار کی ہیں +

یہ ساری تمہید اس وجہ سے ہے کہ حسنِ اتفاق سے مجھے الہ آباد جانے کا اتفاق ہوا۔ عالیجناب مولوی ضیا الحسن صاحب[۱] علوی ایم۔ اے کی کوٹھی میں حاضر ہوا +

جناب موصوف نے ایک قلمی کتاب مجھے اس لئے عنایت فرمائی کہ میں اُس میں سے بعض مقامات (درجہ کامل) کے لئے انتخاب کر دوں + رامپور اگر میں اُسے تو دیکھتا رہا لیکن جناب ممدوح کے پاس ہی "عذب البیان" جو آپکے ہاتھوں میں ہے رجسٹری کر کے اس خیال پر روانہ کر دی کہ اگر یہ داخل ہوگئی تو ملک میں جدید فارسی کا مذاق پھیل جائیگا اور طلبا کو اسکی طرف رغبت پیدا ہوگی۔ جناب ممدوح نے اس کو ملاحظہ فرما کر نہایت ہی پسند کیا اور درجہ کامل کے نصاب میں داخل کر کے نہ صرف مجھ پر بلکہ ملک و قوم اور رُوحِ مصنف پر احسان کیا ہے اگر فاضل مصنف زندہ ہوتے تو کسقدر خوش ہوتے،

---

[۱] رجسٹرار امتحانات عربی و فارسی یونائیڈ پراونسی و انسپکٹر مدارس عربی و فارسی ۱۲

اور اپنی محنت کی داد پاتے۔

حق یہ ہو کہ "عذب البیان" اپنے رنگ کی پہلی کتاب ہو اور بلا خوف تردید کہا جاتا ہو کہ ہندوستان میں تو کیا ایران میں بھی اس قسم کی کتب نہیں۔ یا کم از کم میری نظر سے نہیں گذری +

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید۔ یہ کتاب اپنی تعریف خود کریگی اور زبانِ حال سے بتائیگی کہ میں کس پایہ کی ہوں + سچ یہ ہو کہ قابل مؤلف نے دریا کو کوزہ میں بند کیا ہو۔ اسقدر لغات و محاورات و صطلاحات ہر صفحہ بلکہ ہر سطر میں لائے ہیں کہ مافوق مقصو نہیں + ایرانی تمدن اور وہاں کے اخلاق، عادات، رسم و رواج۔ تہذیب و تمیز کا ایسا نقشہ کھینچا ہو کہ ناظرِ کتاب کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہم ایران میں بیٹھے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں + بہر حال میں کہاں تک اس کی تعریف کرونگا ملاحظہ کرنیوالوں کو خود ہی معلوم ہوجائیگا۔ یہ بے مثل کتاب عرصہ ہوا ریاست رامپور میں چھپنا شروع ہوئی تھی جس کو ۴۰ سال سے بھی زائد ہوتے ہیں نہ معلوم کیا سبب ہوا کہ ۲۰۰ صفحہ تک چھپ کر رہگئی اسیوجہ سے اس قدر داخل نصاب ہوئی طبع ہونیکے بعد ملک میں اسکی کچھ شہرت نہ ہوئی اور کس مپرسی کی حالت میں پڑی رہی قابل مؤلف کے ایک عزیز نے اس کو نہایت ہی کم قیمت پر فروخت کیا اور جب اس صورت سے نہ نکلی تو ردی میں بیچ ڈالی گئی + بہر حال میں اس کتاب اور اس کے علامہ مؤلف کو زندہ کر رہا ہوں قوم سے اُمید ہو کہ عالیجناب جسٹر ار صاحب اور علامہ موصوف اور اس حقیر کے لئے دعائے خیر سے بخل نہ کریگی اور اس گوہر بیش بہا کو ہاتھوں ہاتھ لے گی + عذب البیان نہ صرف درجہ کامل کے طلاب کے لئے کار آمد ہو بلکہ ہر فارسی پڑھنے والے اور پروفیسر کے لئے بھی مفید ہو +

مجھے قوی اُمید ہو کہ پنجاب یونیورسٹی درجہ منشی فاضل کے لئے اور لکھنو یونیورسٹی درجہ دبیر کامل کے لئے بھی اسکو پسند کریگی اور دونوں درجوں کے نصاب میں اس کو شامل کریگی۔ اس کی شرح و فرہنگ تیار ہے عنقریب طبع ہو کر شائع ہوگی +

خاکسار
سید محمد نقی شادمان
سینیر پروفیسر اورینٹل کالج ریاست رامپور

عذب البیان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عذب البیانِ محاوراتِ فُرس کہ ساکنانِ دیارِ قدس را حلاوتِ اُنس افزاید +
مضمونِ پوزش وثنائے خالقِ بے کام وزبان است کہ از حرفِ کُن عالم را موجود
و در نوعِ انسان مظاہرِ قدرت انشا نمود۔ در روزنامچہ صدق نگارِ لیل ونہار کہ طالبانِ
علمِ معرفت را مطالعہ سواد و بیاضش ابوابِ مہارت کشاید + مشحون حمد و سپاسِ
خالقِ سُبحان است کہ دہانِ مردم بحمید اُو بتسبیح طبقہ لب فزود و بلُغاتِ مختلفہ آشنا فرمود +
مُعلّمے کہ در مکتب بدایع اطفالِ غُنچہ وبناتِ نبات درس شکرانہ اتمامش خوانند +
و منعمے کہ در مدرسہ عدم و امکان مادہ و ہیولا بلفظ و معنی از نگرار فیضِ تربیت و طب اللسان بخشد +
بندہ نوازے کہ بعنایتِ قدیمانہ خلعتِ عہدہ اِنِّی جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً در
برِ ابوالبشر پوشانید + و بے نیازے کہ از لطائفِ کریمانہ سرورِ اصفیا را عطیہ
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا لذتِ شیرِ شکر چشانید + معبودے کہ نقشِ خداوندیش
را ہر شجر بخامہ شاخِ تر در اصطلاحِ بندگی بر اوراقِ شگوفہ تو بر تو نگاشتہ
و مشہودے کہ از پہلو بندیش حجرِ خشک و داغ بر اقرارِ یگانگی سطورِ لعل و یاقوت
را سندِ گفتگو داشتہ + کردگارے کہ دوائر و مداتِ مناجاتِ او در ابحرِ ذخار
بتقریرِ آبدار در سلسلۂ موج از بر و رواں دارد۔ و ایزد بارے کہ فقراتِ بذل
و نوالش را در براری و قفار ہر ذرہ غبار تسبیح مقصود جاں شمارد + بلبلِ سدرہ
بحدیقۂ بقا صورتِ حالش از مطائبات صانع پرستی شاہدے ست عادل +
و گُلِ رعنا در طبقۂ نشو و نما خط و خالش بر رنگ و بوئے ہستی مستقل و سیت کافل +
داورے کہ دیلماج ابرِ آذار در لہجۂ برق شرار ترجمۂ نیائشِ او با صنافِ
ازہار حالی سازد + و جہاں پرورے کہ آتالیقِ بادِ بہار از لطیفہ ہائے تازہ
کار بتوجیہ ستائشِ او در امصار مرغزار غلغلہ فراغبالی اندازد شعر

ہر گیاہے کہ از زمیں روید
وحدہٗ لاشریک لہ گوید

